http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت

Daily **Gwadar Business** Quetta

ABC Certified

روزنامہ

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 22 | پیر 10 اگست 2026ء | 26 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 35

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

ایران نے آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے لیے امریکا کو 6 شرائط پیش کردیں

ایران پر دباؤ جاری رکھیں گے، ہرمز میں جہازوں کے لیے محفوظ راستے پر کام کررہے ہے، ایران نے ہمیں بتایا وہ آبنائے کے ذریعے تیل کے بہا کی زیادہ سے زیادہ اجازت دے گا، جے ڈی وینس

ایران تمام تر دباؤ کے باوجود مزاحمت کیلئے پوری طرح تیار ہے، ہم اپنے شہدا کے خون ناحق کو بھولنے یا نظرانداز نہیں ہونے دیں گے، عباس عراقچی

تہران/واشنگٹن (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے لیے امریکا کو چھ شرائط پیش کردیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل کے سیکریٹری محمد باقر ذوالقدر نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا نے ایران سے متعلق اپنا رویہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور سنگاپور کثیرالجہتی فورمز پر اپنے روابط جاری رکھیں گے، صدر

صدر مملکت نے دوطرفہ سفارتی تعلقات کے قیام کی 60 ویں سالگرہ کے طور پر خاص اہمیت کا حامل قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سنگاپور کے 61 ویں قومی دن کے موقع پر جمہوریہ سنگاپور کے صدر، تھرمن شنموگارتنم، سنگاپور کی حکومت اور (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

ایران کی 40 روزہ جنگ کے دوران 3519 سے زائد افراد کی ہلاکت کی تصدیق

تہران (یو این اے) ایران کی فارنزک میڈیسن آرگنائزیشن کے سربراہ کا کہنا ہے کہ 40 روزہ جنگ میں تین ہزار 519 (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر عام انتخابات کے آخری مرحلے میں انتخابی دنگل (آج) سجے گا

2 اضلاع کی 4 نشستوں پر ہر ووٹ سیاسی نقشہ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، رپورٹ

باغ (این این آئی) آزاد کشمیر عام انتخابات کے تیسرا اور آخری مرحلے میں (آج) پیر 10 اگست کو باغ اور حویلی میں انتخابی دنگل سجے گا۔ ضلع باغ اور حویلی کے نتائج انتخابی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

یوکرین پر روسی حملے سے متاثرہ عمارتوں کے مقام پر امدادی کارکن کام کررہے ہیں

آپریشن ردالفتنہ، فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، 15 دہشتگرد ہلاک

مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں کی گئیں، اسلحہ برآمد، سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کے باعث شدید نقصان پہنچا

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت اپنی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، میڈیا رپورٹ

ان شاءاللہ قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، وزیر داخلہ محسن نقوی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں کے دوران 15 خوارج ہلاک کر دیے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں کے نتیجے میں 15 خوارج جہنم واصل ہوئے جبکہ خوارج کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کے باعث خوارج کے نیٹ ورک کو شدید نقصان پہنچا اور ان کی نقل و حرکت محدود کردی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت اپنی کارروائیاں بلاتعطل جاری (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا ایران پر نئی فوجی کارروائی نہ کرنے، اقتصادی دباؤ بڑھانے کا اعلان

ایران میں مہنگائی بہت زیادہ اور ملک کے پاس پیسے نہیں ہیں، جبکہ ایران معاشی طور پر انتہائی خراب صورتحال سے دوچار ہے

امریکا ایران کے ساتھ صرف ''نیم مذاکرات'' کر رہا ہے، جبکہ واشنگٹن ایران کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے معاملے کو فی الحال کم شدت کے ساتھ آگے بڑھا رہا ہے اور ... غیرملکی خبررساں ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

پاکستان اپنے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر کیسا ہوگا؟ منظرکشی کی تیاری شروع

وفاقی حکومت کا وژن 2047 کے تحت آئندہ 21 سال کی نئی حکمت عملی بنانے کا فیصلہ

وژن 2047 کا باضابطہ اعلان 12 اگست کو نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر متوقع

لاہور (این این آئی) پاکستان اپنے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر کیسا ہوگا؟ منظرکشی کی تیاری شروع کردی گئی، وفاقی حکومت نے وژن 2047 پاکستان کے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو اور چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

مکہ دفاعی معاہدہ ایران کے خلاف نہیں ہے، ترکیہ کا دوٹوک موقف

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ فنی اعتبار سے نیٹو کے معاہدے کی دفعہ 5 میں درج اجتماعی دفاع کے اصول سے مشابہ ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انہوں (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے افغانستان میں ہتھیاروں کی مبینہ اسمگلنگ کا طالبان کا دعویٰ مسترد کردیا

افغانستان میں امریکی اور اتحادی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑے گئے جدید ہتھیاروں، فوجی ساز وسامان کی بڑی مقدار پہلے ہی رکھتا ہے

افغانستان میں کئی دہائیوں کے تنازعات کے دوران جمع ہونے والے سوویت دور کے ہتھیاروں کے بڑے ذخائر بھی موجود ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے افغانستان میں ہتھیاروں کی مبینہ سمگلنگ سے متعلق افغان طالبان کے دعوے کو بے بنیاد اور حقائق کے منافی قرار دے دیا (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

ایران؛ سپریم لیڈر بننے کے بعد مجتبیٰ خامنہ ای کی پہلی ویڈیو جاری کردی گئی

تہران (این این آئی) ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای مارچ میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے تاحال منظر عام پر نہیں آئے ہیں ان کے بیانات بھی پڑھ کر سنائے جاتے ہیں اس (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

حماس کا امریکا کی حمایت یافتہ غزہ امن منصوبے پر عملدرآمد کیلئے آمادگی کا اظہار

ثالثوں کو معاہدے پر عملدرآمد شروع کرنے اور دوسرے مرحلے میں داخل ہونے کے لیے اپنی آمادگی سے آگاہ کر دیا

غزہ سٹی (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی تحریک حماس نے کہا ہے کہ امریکا کی حمایت یافتہ غزہ امن منصوبے پر ... کے لیے تیار ہے۔ حماس کے ایک عہدیدار نے بتایا (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

پارلیمان عوام کی امنگوں کا ترجمان ادارہ ہے، سردار ایاز صادق

پارلیمان کی مضبوطی، آئین کی بالادستی اور جمہوری عمل کا تسلسل ایک مستحکم اور روشن پاکستان کی ضمانت ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ دستور ساز اسمبلی کا قیام پاکستان کی قومی و پارلیمانی تاریخ کا ایک تاریخی سنگِ میل تھا، جس نے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں، ان تک رسائی ہے، سہیل آفریدی

27 ستمبر کی لانگ مارچ کو خود لیڈ کروں گا، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

مذاکرات اور سفارتکاری نے امریکا کو ایران سے مفاہمت پر مجبور کیا، مسعود پزشکیان

امریکا اور اسرائیل جانتے ہیں کہ صرف جنگ سے ایرانیوں کو حکم ماننے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مذاکرات اور سفارتکاری نے امریکا کو مجبور کیا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ مفاہمت اختیار کرے۔ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

پشاور، جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

مکہ معاہدہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی ستونوں سے ہم آہنگ ہے

اسحاق ڈار نے معاہدے کے نکات شیئر کردیے

ہم تمام تنازعات کے پرامن حل کے فروغ اور اپنی اقوام کے لیے زیادہ محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کے عزم پر قائم ہیں

پاکستان خطے کے تمام برادر ممالک کے ساتھ مل کر دیرپا امن اور استحکام کے لیے کام جاری رکھنے کا خواہاں ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے نکات شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی ستونوں سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔ اتوار کو ایکس پر اپنے پیغام میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

پیٹرول کی عالمی قیمتیں برقرار رہیں تو اگلے 2 روز میں اچھی خبر مل سکتی ہے، علی پرویز

کوئی جادوگر یا نجومی نہیں مستقبل کی قیمتوں کی پیشگوئی کرسکوں، اوگرا کی ویب سائٹ پر تمام تفصیلات عوام کے سامنے ہونگی

جب تک ریفائنری پالیسی، ضروری سرمایہ کاری نہیں ہوگی، ایران، روس سے تیل لاکر ملکی ریفائنریوں میں صاف کرنا ممکن نہیں ہوگا

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی سے منسلک ہیں، عالمی سطح پر قیمتوں میں کمی آتے ہی اس کا فائدہ پاکستانی عوام کو بھی منتقل کیا جائے گا، آئندہ 2 روز میں عالمی منڈی میں پیٹرول کی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

غزہ میں عمارت کے ملبے تلے 19 فلسطینیوں کی لاشیں نکال لی گئیں

غزہ (این این آئی) غزہ سول ڈیفنس نے مغربی غزہ شہر میں ایک تباہ شدہ رہائشی عمارت کے نیچے سے 19 فلسطینیوں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق غزہ میں خصوصی ریسکیو ٹیمیں سامان کی شدید قلت کے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخواہ کو امن چاہیے، وسائل، معدنیات ہر پہلا حق عوام کا ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

16 اگست کو پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز، حکمرانوں کی عیاشیوں کے خلاف دھرنے ہوں گے

مکہ دفاعی معاہدہ اتحاد امت کی جانب اہم پیش رفت، ایران کو شامل کیا جائے

پشاور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ امن وامان کا قیام ملک کی اہم ترین ضرورت، ملکی وسائل، معدنیات پر پہلا حق عوام کا ہے۔ مکہ دفاعی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو نوجوان اور جوشیلے ہیں رانا تنویر حسین

مکہ، مدینہ ہماری ریڈ لائین، حفاظت کیلئے پاکستان کسی حد تک جاسکتا ہے

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ مکہ اور مدینہ ہماری ریڈ لائین ہیں اور ان کی حفاظت کیلئے پاکستان کسی حد تک جاسکتا (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

اسما جنگ کو دھمکیوں اور اہل خانہ کے قتل کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی قائم

تحقیقاتی اداروں کے نمائندے بھی انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے اور واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے اسما جنگ کو مبینہ دھمکیوں اور ان کے اہل خانہ کے قتل کے واقعہ کی تحقیقات کیلئے باقاعدہ انکوائری کمیٹی قائم کردی اس حوالے سے کمیٹی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

آئل ٹینکرز اور گڈز ٹرانسپورٹر کی ہڑتال جاری، (آج) وفاق وسندھ حکومت سے مذاکرات ہوں گے

کراچی/اسلام آباد (این این آئی) گڈز ٹرانسپورٹر کی پہیہ جام ہڑتال اتوار کو دوسرے روز بھی جاری رہی، (آج) پیر کو وفاقی وسندھ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا میپ کا صوبے کی امن وامان کی صورتحال پر اظہار تشویش، تین روزہ جرگے کا اعلان

صوبے میں امن وامان کی مخدوش صورتحال میں روزانہ کی بنیاد پر بے بنیاد افواہیں پھیلائی جارہی ہیں

عوام میں سخت مایوسی پھیل رہی ہے، حکومتی سیکورٹی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر دکھائی دے رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے امن وامان کے لحاظ سے اس مخدوش صورتحال جس میں روزانہ کی بنیاد پر غلط بے بنیاد افواہیں، جھوٹ پر مبنی خبریں پھیلائی جارہی ہیں جس کے نتیجے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ کا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کا اچانک دورہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کا اچانک دورہ کیا اور ایئرپورٹ پر (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سوراب، امن وامان کے پیش نظر 9 سے 15 اگست تک کرفیو نافذ

شہری غیرضروری طور پر باہر نہ نکلیں اور ایس او پیز پر عمل کریں، خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی

سورات (خ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب نے ضلع سوراب میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے 09 اگست سے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی وزیراعظم نے غزہ سے متعلق ٹرمپ کے 15 نکاتی امن منصوبے کو مسترد کردیا

اسرائیلی فوج غزہ سے اس وقت تک کسی قسم کا انخلا نہیں کرے گی جب تک حماس کو حقیقی طور پر غیر مسلح نہیں کردیا جاتا، نیتن یاہو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے غزہ سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بورڈ آف پیس کے 15 نکاتی منصوبے کو مسترد کردیا۔ اسرائیلی میڈیا کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

مکہ باہمی دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں، خطے میں امن کی ضمانت فراہم کریگا، وفاقی وزراء

مکہ دفاعی معاہدہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری مسلم امہ کے لیے بہت ہی فخر کی بات ہے' وزیر اطلاعات عطا تارڑ

امن اور سلامتی کے لیے اس خطے کے ممالک کو ایک دوسرے سے تعاون کرنا ہوگا' وفاقی وزیر احسن اقبال

خطے کے تین اہم ممالک معاشی وسائل، دفاعی صلاحیت، اپنی حفاظت کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں' اویس لغاری

معاہدہ مسلم امہ کے اتحاد کی اس خواہش کی عملی تصویر ہے، معاہدے پر مسلم امہ مبارکباد کی مستحق ہے' رانا ثنااللہ

لاہور (این این آئی) پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے باہمی دفاعی معاہدے پر اراکین پارلیمنٹ نے پاکستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں ہے بلکہ خطے میں امن کی ضمانت فراہم کرے گا، پاکستان کے (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

پرائیویٹ حج بکنگ کا نیا ڈیجیٹل نظام نافذ کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزارتِ مذہبی امور نے حج 2027 کے لیے نجی حج سکیم کے طریقہ کار میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے تحت پرائیویٹ حج آپریشن کو بھی نئے ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

روس کے علاقے بلگورود پر یوکرین کا ڈرون حملہ، 3 افراد ہلاک

ماسکو (این این آئی) روس کے علاقے بلگورود میں یوکرین کے ڈرون حملے سے 3 افراد ہلاک اور 25 زخمی ہوگئے۔ روسی حکام کا کہنا تھا کہ بلگورود میں یوکرینی ڈرون حملہ گزشتہ رات کیا گیا

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مسافر کی دستاویزات دیکھ رہے ہیں

کوئٹہ، بائل فون اور انٹرنیٹ سروسز اچانک معطل

شہریوں کے باہمی رابطے اور آن لائن امور شدید متاثر، حکام سے سروس کی جلد بحالی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سکیورٹی خدشات کے باعث موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس اچانک معطل ہوگئی، جس کے باعث شہریوں کو رابطوں اور (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

مضبوط دفاع ہی پائیدار امن کی بنیاد بنتا ہے، بابر یوسفزئی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی معاہدہ خطے کے امن واستحکام کے لیے اہم سنگ میل ہے

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا تاریخی دفاعی معاہدہ تینوں (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
ایڈیٹر۔ خلیل احمد

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ

سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے جس کے تحت باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا، تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا، تاریخی معاہدے پر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کے موقع پر دستخط کیے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرّمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کیلئے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے جمہوریہ ترکیہ کے صدر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم کا مکہ المکرّمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرّمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مملکت سعودی عرب، جمہوریہ ترکیہ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان قائم دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، نیز باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تینوں ممالک کے مابین دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے پائیدار رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی شعبے میں طویل عرصے سے جاری تعاون کی روشنی میں مملکت سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔

بلوچستان رائیٹرز فورم کی شاندار حلف برداری تقریب اور پروقار مشاعرہ

کوئٹہ: بلوچستان رائیٹرز فورم کے زیرِ اہتمام پائٹ کالج سریاب روڈ کوئٹہ کے ہال میں ایک پروقار تقریبِ حلف برداری و مشاعرہ منعقد ہوا، جس میں بلوچستان بھر سے شعرائے کرام، ادیبوں اور مختلف ادبی تنظیموں کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

آغاز اور انتظامی امور

تقریب کا باقاعدہ آغاز حسن ندیم کی تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کے بعد ناصر ندیم اور حیدر عاطش نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں گلدستہ نعت پیش کیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض یوسفی بلوچ نے احسن انداز میں سرانجام دیے، جبکہ شاہد منیر نے پروگرام کی میڈیا کوریج کی۔

حلف برداری

بلوچستان رائیٹرز فورم — جو گزشتہ سال کے آخر میں براہوئی زبان کے قلمکاروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کے لیے وجود میں آیا — کی نومنتخب کابینہ سے براہوئی، اردو اور پشتو کے ممتاز استاد شاعر عجب خان سائل نے حلف لیا۔

حلف اٹھانے والے عہدیداران:

سرپرستِ اعلیٰ: صابر ندیم
چیئرمین: پروفیسر محمد انور زیب
وائس چیئرمین: حیدر عاطش
جنرل سیکرٹری: سائرعزیز
فنانس سیکرٹری: سلام صائم
آفس سیکرٹری: عمر گل
مجلسِ عاملہ: شاکر ندیم اور رازق نسیم

صدارت، مہمانانِ گرامی اور اہم خطابات

تقریب کی صدارت چیئرمین بلوچستان رائیٹرز فورم پروفیسر محمد انور زیب نے کی۔

میر حاجی یعقوب لانگو (مرکزی رہنما نیشنل پارٹی):

"براہوئی اور بلوچی ہماری مادری زبانیں ہیں۔ اگر ہم ان کی آبیاری اور خدمت نہیں کریں گے تو یہ بھی دیگر ناپید ہوتی زبانوں کی طرح اپنا وجود کھو بیٹھیں گی۔"

پروفیسر محمد انور زیب (چیئرمین فورم):

"فورم کا بنیادی مقصد زبان و ادب کی بلا تفریق خدمت اور ادیبوں کے حقوق کی جدوجہد ہے۔ بلوچستان رائیٹرز فورم براہوئی زبان کے قلمکاروں کے حقوق غصب کرنے والوں کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگا۔"

ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار (ڈائریکٹر اکادمی ادبیات پاکستان، کوئٹہ):

"بلوچستان رائیٹرز فورم کی ادبی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اکادمی ادبیات کے دروازے فورم کے پروگراموں کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔"

استاد رشید حسرت

بلوچستان رائٹرز فورم کے اس کامیاب اور باوقار پروگرام کے انعقاد پر بلوچستان رائیٹرز فورم کی قیادت کو مبارکباد پیش کی

ابرار برکت (سنگت ادبی کاروان و رہنما نیشنل پارٹی):

انہوں نے اس باوقار پروگرام کے انعقاد پر بلوچستان رائیٹرز فورم کی قیادت کو مبارکباد پیش کی۔

مہمانانِ گرامی: میر حاجی یعقوب لانگو، استاد رشید حسرت، ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار، استاد صابر ندیم، شہزاد غنی، رشید ساگر، شہزادہ قاسم اسیر اور ابرار برکت۔

مختلف ادبی تنظیموں اور شعراء کی بھرپور شرکت

تقریب میں صوبے بھر کی جید ادبی تنظیموں، سوسائٹیوں اور آزاد شعراء نے شرکت کر کے محفل کو چار چاند لگا دیے:

اکادمی ادبیات پاکستان (کوئٹہ): ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار
براہوئی ادبی سوسائٹی: پروفیسر محمد انور زیب، عجب خان سائل، عزیز حاکم
براہوئی اکیڈمی: شہزاد غنی
راسکوہ ادبی دیوان (نوشکی): داد محمد جواد، ابراہیم ابرار، وحید ذاکر
سخاوت ادبی کاروان: شاکر ندیم، حسن ندیم، سلام جانان چلتنی، احمد نسیم، رشید ساگر (منگچر)، رازق نسیم (منگچر)، عمر گل، سنگت نذر
سیوت ادبی دیوان: سائرعزیز سریابی، یوسفی بلوچ، شاہ محمد عاجز، حیدر حسرت، لطیف شہزاد لطیفی، باسط صمیم سریابی، ناصر ندیم، صفی سائر، سمیع سنگت
شاشان انجمنِ شعراء بلوچستان: استاد صابر ندیم، حیدر عاطش، بشیر شاد (مستونگ)، یاسر ندیم الماسی، شاہد منیر، اصغر ندیم
شون ادبی دیوان: نظام نذیری، اسحاق ناز
چراغ ادبی مجلس: شہزادہ قاسم اسیر (کانک)، صادق فراز (کانک)، عاصم عزیز، خلیل راز
گدان ادبی مجلس: سلام صابر، ظہور زیب، نوید عاجز، واحد بابا، آغا واجدی
انجمنِ عابد شال: استاد رشید حسرت، جہانزیب احسن، نصیر احمد گل جی، سعید حسرت، کبیر عاطف
شال ادبی دیوان: اعجاز سنگت، سعید ناسخ، صفی سرباز
براہوئی قومی موومنٹ (ادبی ونگ): طارق وسیم (مرکزی صدر)
شیر جان شیری۔
جوہر ادبی تنظیم پاکستان: سفر ندیم زہری
سنگت ادبی کاروان: ابرار برکت (بیسمہ)
پڑوادبی کچاری: خالد پرکانی
بلوچستان ریڈر فاؤنڈیشن (بولان): میر محمد مہر
بلوچی ادبی دیوان: محمد عامر سرباز، لیاقت حسین، محمد حسن
آزاد شعراء: حسن صیاد (مچھ)، منتظر بلوچ، طارق اسیر دشت (جلب گندان)
سامعین و معززین: عاصم خان کرد، مقبول احمد، عبدالحمید، گلزار احمد، شاہ فیصل، عبداللہ، عمر فاروق، صدام حسین اور سمیع اللہ قلندرانی سمیت ادب دوست احباب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کوئٹہ، بلوچستان سوشل ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیراہتمام رشید حسرت کی کتاب آنکھوں میں سوغات کی رونمائی کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، وائس چیئرمین بلوچستان ریفارمز حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، رشید حسرت اسٹیج پر بیٹھے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان سوشل ریفارمز ادبی سوسائٹی کے زیراہتمام ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، وائس چیئرمین بلوچستان ریفارمز حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، نور خان محمد حسنی، شاہ محمد رشید حسرت کی کتاب آنکھوں میں سوغات کی رونمائی کر رہے ہیں

نظم ۔۔۔۔ ملک جاوید۔ صدر بزم خیال وخامہ پاکستان
صدر تحریک نفاذ اردو ٹیکسلا واہ کینٹ

جانے والے نے مڑ کے ہی دیکھا نہیں
کچھ بھی چھوڑا نہیں ہمارے لیے
پھول کلیوں سے ان آنگنوں میں کہیں
رنگ برنگے پروں کی وہ تتلیاں ہی نہیں
وہ جن کے پروں میں یادیں سبھی
پیار کی ان کہی باتیں سبھی
میرے ساتھی صنم تم ہی کہو
منزلوں کی سمت میں دیکھوں کہاں
کوئی چہرہ نہیں کوئی سپنا نہیں
جو اس نے کہا تھا ہم سنگ ہیں تمہارے
وہ ہی نہیں وہ تھا بھی نہیں
کسی بھی سفر پہ اس کو پایا نہیں
پکارا بہت مگر وہ آیا نہیں
جانے والے نے مڑ کے ہی دیکھا نہیں
کچھ بھی چھوڑا نہیں ہمارے لیے

غزل ۔۔۔۔ نرگس ندیم، کوئٹہ

وابستہ تھیں یادیں کئی، ان دوریوں کے درمیاں
تھیں قربتیں ہی قربتیں، تب فاصلوں کے درمیاں
جب بھی ملے سب سے ملے، ہنستے رہے، کھلتے رہے
کچھ درد دل میں تھے چھپے، پر قہقہوں کے درمیاں
الفت ڈگر میں چپ رہے، ہم نے کہا کچھ بھی نہیں
شکوے گلے بھی تھے بہت سے چاہتوں کے درمیاں
کچھ دن میں ہی پچھتائیں گے، گل خاک میں مل جائیں گے
پھر ہجر کا لمبا سفر، تھا موسموں کے درمیاں
دنیا کی میلے میں فقط، اس دل میں تنہائی رہی
تھی درد کی چبھتی صدا، سودا گروں کے درمیاں
لو موت پر میری بنے، شاہد مرے یہ لفظ بھی
پڑھنے لگے احباب مجھ کو، فرصتوں کے درمیاں
نرگس یہاں کی رونقیں، کب راس آئی ہیں تمہیں
بے چین کیسا دل رہا، ہے راحتوں کے درمیاں



انتخاب غزل۔ تسنیم صنم کوئٹہ

چاک گریہ پر پڑی ہوں آ بنا دے زندگی
پھر اڑا دے خاک میری، چل سزا دے زندگی
کر دیا تیرے حوالے میں نے خود کو اس لئے
اب یہ تجھ پر ہے بنا دے یا مٹا دے زندگی
جا بجا بکھری اداسی کے پلوں کو نوچ کر
گھر کے ہر گوشے میں آ کر پھر سجا دے زندگی
تین بیٹے ایک بیٹی ہیں مری کل کائنات
ان کی خوشبو، روشنی سے جگمگا دے زندگی
ہجر کب آسان ہے دشوار ہے سہنا اسے
بجھ گئے ہیں درد کے شعلے ہوا دے زندگی
آ تجھے چھوڑ آؤں میں گمنامیوں کے دشت میں
اے میری خوش فہم ! شہرت آ جلا دے زندگی
رقص کرتے ہیں بگولے سن کے آہٹ قیس کی
شور صحرا میں بپا ہے جا مٹا دے زندگی
محو رقصاں ہر گھڑی ہے موت کی کالی پری
میری دھرتی پر محبت کی صدا دے زندگی
خانماں برباد دنیا سے کنارہ کر لیا
اب صنم خواہش نہیں ہے موت یا دے زندگی.........



کتابوں کا شہر

شہر کے پرانے حصے میں ایک سنسان سی گلی تھی، جہاں وقت جیسے تھم سا گیا تھا۔

گلی کے آخری سرے پر ایک بھاری، زنگ آلود دروازہ کھڑا تھا نیم کھلا اور ہمیشہ ایک گہری تاریکی میں ڈوبا ہوا۔

تحریر۔ ہمایون خان ہزارہ

لوگ سرگوشیوں میں کہتے تھے کہ جو بھی اس دروازے کے اندر گیا، وہ واپس تو آیا... مگر کبھی وہی نہیں رہا۔

ایک رات باتور نامی نوجوان تجسس اور بے چینی کے بوجھ تلے دب کر اس دروازے کے سامنے آ کھڑا ہوا۔ ہوا میں ایک عجیب سی خنکی تھی۔ جیسے اردگرد کوئی ان دیکھے راز سانس لے رہے ہوں۔

اس نے کچھ لمحے توقف کیا۔ پھر دھیرے سے دروازہ دھکیل دیا۔

اگلے ہی لمحے وہ ایک ایسے شہر میں کھڑا تھا جو حقیقت سے زیادہ خواب معلوم ہوتا تھا مگر یہ خواب خوبصورت نہیں تھا یہ پراسرار تھا۔

یہ "کتابوں کا شہر" تھا۔

یہاں عمارتیں اینٹوں سے نہیں بلکہ کتابوں کے انبار سے بنی تھیں۔ گلیاں کاغذ کی پرتوں سے بنی ہوئی تھیں اور ہوا میں پرانی سیاہی اور بوسیدہ صفحات کی ملی جلی مہک رچی ہوئی تھی مگر سب سے عجیب بات یہ تھی کہ یہاں غیر معمولی خاموشی تھی ایسی خاموشی جو کانوں پر نہیں، روح پر بوجھ ڈالتی تھی۔

اچانک کہیں دور سے ایک کتاب زمین پر آ گری۔

باتور چونک گیا۔

وہ آہستہ آہستہ اس کی طرف بڑھا۔ جیسے ہی اس نے کتاب اٹھائی، صفحات خود بخود پلٹنے لگے۔ اس کی سانس جیسے رُک گئی ہو کیونکہ ان صفحات پر لکھی تحریر اس کی اپنی زندگی تھی۔

ایسی زندگی جس کے وہ کچھ حصے خود بھی بھول چکا تھا۔

اور پھر آخری صفحہ ظاہر ہوا۔

اس پر صرف ایک جملہ لکھا تھا:

"تم یہاں سے زندہ نہیں جا سکو گے۔"

باتور کے ہاتھ لرزنے لگے۔ اس نے کتاب بند کرنے کی کوشش کی مگر وہ اس کے ہاتھوں سے جیسے چپک گئی تھی۔ اردگرد کی فضا بدلنے لگی۔ کتابیں جو دیواروں میں جمی تھیں، اب ہلنے لگی تھیں جیسے وہ سانس لے رہی ہوں۔

پھر ایک گہری سرگوشی جیسی آواز گونجی:

"ہر قاری... آخرکار ایک کہانی بن جاتا ہے۔"

باتور نے بھاگنے کی کوشش کی مگر گلیاں بدل چکی تھیں۔ جو راستہ سیدھا تھا، اب ایک بھول بھلیاں بن چکا تھا۔ ہر موڑ پر وہی عمارتیں، وہی سایے اور وہی خاموشی اسے گھیر لیتی تھی۔

پھر اس نے دیکھا کہ کتابیں خود بخود کھل رہی تھیں اور ان کے اندر سے دھندلے چہرے جھانک رہے تھے۔ ایسے چہرے جو کسی زمانے میں یہاں آئے تھے... مگر واپس نہیں جا سکے تھے۔

وہ چیخے:

"واپس چلے جاؤ... ورنہ تم بھی ایک صفحہ بن جاؤ گے!"

باتور کے قدم لڑکھڑانے لگے۔

اس نے پوری قوت سے دروازے کی طرف دوڑ لگائی۔ پیچھے سرگوشیوں کا شور بڑھتا جا رہا تھا، جیسے الفاظ اس کا تعاقب کر رہے ہوں۔

آخرکار وہ دروازے تک پہنچا اور اسے زور سے کھول دیا۔

وہ باہر آ گرا۔

صبح ہو چکی تھی۔

دن کی روشنی میں سب کچھ معمول سا لگ رہا تھا، جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔

باتور نے لرزتے ہاتھوں سے اپنی ہتھیلی دیکھی۔

اس پر سیاہی کے لفظ اُبھر آئے تھے:

"باب اول ختم نہیں ہوا... یہ تو صرف آغاز تھا۔"

اس نے سر اٹھایا۔

اور اس کے سامنے وہی دروازہ دوبارہ کھڑا تھا۔

مگر اس بار اس پر ایک نیا عنوان لکھا تھا:

"باتور کی کہانی"

غزل ۔۔۔ عجب سائل

مسلسل ہجر کا غم دے گیا ہے
مری آنکھوں کو شبنم دے گیا ہے
مجھے تاریک راتوں کو اجالا
دیا جلتا وہ مدھم دے گیا ہے
مری محفل سجانے کے لیے وہ
مجھے تنہائی پیہم دے گیا ہے
نہ پوچھو دل میں کیا کہرام برپا
کہ جب سے ہجر ماتم دے گیا ہے
کمی کوئی نہیں سائل دکھوں کی
غنیمت ہے جو ہمدم دے گیا ہے

ممتاز شاعر ادیب پروفیسر رشید حسرت کے شعری مجموع کی تقریب رونمائی

ادبا و شعرا انسانی جذبات کے ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتے ہیں: ڈی جی خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ سید ابوالحسن میری

تہذیب ثقافت اور زبانوں کے فروغ کیلئے اہل قلم کا جاندار کردار قابل ستائش ہے: اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین

پروفیسر رشید حسرت کا شعری مجموع بہترین اور جذبات کا ترجمان ہے: شاہ محمد شامی، جہانگیر کاوش، فہمیدہ گل، نرگس ندیم

پروفیسر رشید حسرت کی صوبے میں ادب کے فروغ کے لیے گرانقدر خدمات ہیں: نور خان نواب، عجب ساہل، اکبر ساسولی، سجاد حیدر

بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کی ادب کے لئے خدمات قابل ستائش ہیں: پروفیسر رشید حسرت، فوزیہ کاسی

کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ و کلچرل اتاشی سید ابوالحسن میری نے کہا ہے کہ ادبا و شعرا انسانی جذبات کے ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتے ہیں، تہذیب ثقافت اور زبانوں کے فروغ کیلئے اہل قلم کا جاندار کردار قابل ستائش ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے زیر اہتمام ممتاز شاعر ادیب

پروفیسر رشید حسرت کے شعری مجموع کی تقریب رونمائی کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے وائس چیئرمین اسحاق مینگل، بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کے پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، صدر شاہ محمد شامی، سینئر نائب



صدر عجب خان سائل، براہوی اکیڈمی کے اکبر ساسولی، نور خان نواب، فہمیدہ گل، فوزیہ کاسی، پروفیسر رشید حسرت، نرگس ندیم، جہانگیر کاوش، الماس شاہوانی ایڈووکیٹ ظفر اقبال، سمیرا خان، سجاد حیدر و دیگر نے بھی خطاب و کلام پیش کیا مقررین نے کہا کہ ادبا و شعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں جو اپنے قلم سے نہ صرف مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ، تہذیب ثقافت اور زبانوں

کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں، شعرا وہ طبقہ ہیجو زندگی کی کھر دردی حقیقتوں کو بھی حسن اور قرینے سے بیان

کرتے ہیں قلم سے بڑھ کر کوئی طاقت نہیں سرزمین بلوچستان کے ادبا شعرا نے نہ صوبائی بلکہ قومی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے تقریب کے اختتام پر ممتاز شاعر ادیب پروفیسر رشید حسرت نے مہمانوں میں اپنی کتابیں بطور تحفہ پیش کیں۔

ادبی دیوان بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالرشید آزاد کی بلوچستان کے معروف دانشور، شاعر و ادیب، محقق سید خورشید افروز سے ملاقات۔

گزشتہ دنوں ادبی دیوان بلوچستان (ادب) پاکستان کے مرکزی چیئرمین ڈاکٹر عبدالرشید آزاد نے بلوچستان کے معروف شاعر، ادیب، نقاد دانشور، و محقق جناب سید خورشید افروز سے ملاقات کی اور انہیں اپنی ادبی تنظیم کی جانب سے شائع کردہ کتب کا سیٹ پیش کیا اور ماہنامہ جہاں نما کوئٹہ کے شمارے بھی پیش کیے۔

کوئٹہ (کلچرل رپورٹر)

گزشتہ دنوں ادبی دیوان بلوچستان کے مرکزی چیئرمین ڈاکٹر عبدالرشید آزاد نے بلوچستان کے معروف شاعر، ادیب، صحافی، محقق جناب سید خورشید افروز سے ملاقات کی اور انہیں اپنی ادبی تنظیم کی جانب سے شائع کردہ کتب جن میں ان کی ذاتی اور ادبی دیوان بلوچستان پبلیکشنز کوئٹہ کی شائع کردہ کتب مقالات بولانوی کی دونوں جلد، درد ناتمام شعری مجموعہ، اور ماہنامہ جہاں نما کوئٹہ کے شمارے پیش کئے اور اس موقع پر سید خورشید افروز نے اپنی چار کتب دو شعری مجموعے (1)+ میری صدائے پریشاں،

(2)+ آدھی بات،

(3)+ پروفیسر آغا صادق حسین نقوی۔

(4)+ مشاہیر بلوچستان جلد ہشتم پیش کیں۔

یاد رہے کہ سید خورشید افروز نے مشاہیر بلوچستان کی سیریل کتب ایک تا ہشتم شائع کی ہیں اور اس سلسلے میں دو مزید کتب ابھی پائپ لائن میں ہیں جو عنقریب شائع ہوں گئیں۔

سید خورشید افروز نے ادبی دیوان بلوچستان کے ادبی کام کی تعریف کی اور ان کی ادبی تنظیم کی کارکردگی کو سراہا۔

اس موقع پر ادب پر سیر حاصل گفتگو بھی ہوئی اور بلوچستان میں ادب کے فروغ کے لئے ایک دوسرے کی کوششوں کو سراہا گیا۔

بقیہ 1

کے درمیان یہ تاریخی دفاعی تعاون خطے میں امن، استحکام، مشترکہ سلامتی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا اپنے ایک بیان میں میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان تینوں ممالک کے درمیان قائم ہونے والا دفاعی تعاون نہ صرف تینوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا بلکہ اس کے خطے کی مجموعی سلامتی اور مسلم امہ کے اتحاد پر بھی دور رس مثبت اثرات مرتب ہوں گے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات نے کہا کہ پاکستان کے سعودی عرب اور ترکیہ جیسے برادر اسلامی ممالک کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ تعلقات ہیں۔ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینا موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مشترکہ دفاعی تعاون کے ذریعے خطے کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز کا زیادہ مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے گا اور دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت حاصل ہوگی میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ یہ دفاعی معاہدہ صرف دفاعی شعبے تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات خطے کے امن، استحکام، اقتصادی ترقی اور باہمی تعلقات پر بھی مرتب ہوں گے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون مسلم دنیا کے لیے ایک مثبت پیغام ہے اور اس سے اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد، یکجہتی اور باہمی اعتماد مزید مضبوط ہوگا انہوں نے کہا کہ "یہ معاہدہ وزیراعظم پاکستان کی کامیاب سفارت کاری اور افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔" ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ہمیشہ مسلم ممالک کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مثبت کردار ادا کیا ہے اور موجودہ دفاعی تعاون اسی سلسلے کی ایک اہم پیش [illegible]

ضمنی بلدیاتی انتخابات میں غلام فرید لاشاری اور عابد علی سومرو کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا۔ دونوں پولنگ اسٹیشنز کے غیر سرکاری و حتمی مجموعی نتائج کے مطابق غلام فرید لاشاری نے 355 ووٹ حاصل کر کے کامیابی اپنے نام کی، جبکہ ان کے مدمقابل عابد علی سومرو 231 ووٹ حاصل کر سکے پولنگ اسٹیشن نمبر ایک کے نتائج کے مطابق غلام فرید لاشاری نے 145 ووٹ حاصل کیے جبکہ عابد علی سومرو کو 83 ووٹ ملے۔ پولنگ اسٹیشن نمبر دو میں غلام فرید لاشاری نے 210 ووٹ حاصل کیے جبکہ عابد علی سومرو 148 ووٹ لے سکے دونوں پولنگ اسٹیشنز کے مجموعی نتائج کے مطابق غلام فرید لاشاری نے 355 ووٹ جبکہ عابد علی سومرو نے 231 ووٹ حاصل کیے۔ اس طرح غلام فرید لاشاری نے اپنے حریف پر 124 ووٹوں کی واضح برتری حاصل کر کے وارڈ نمبر 20 کی بلدیاتی نشست اپنے نام کر لی انتخابی نتائج کے مطابق دونوں پولنگ اسٹیشنز پر مجموعی طور پر 595 ووٹ پول ہوئے، جن میں سے 586 ووٹ درست قرار پائے جبکہ 9 ووٹ مسترد ہوئے غیر حتمی غیر سرکاری نتائج سامنے آنے کے بعد کامیاب امیدوار غلام فرید لاشاری کے حامیوں اور کارکنوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہیں کامیابی پر مبارکباد دینے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ ان کے حامیوں نے غلام فرید لاشاری کی کامیابی کو عوامی اعتماد کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ وارڈ نمبر 20 کے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے ان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے ضمنی بلدیاتی انتخاب کے نتائج کے بعد وارڈ نمبر 20 کی بلدیاتی نمائندگی کا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے

بقیہ 8

میں ملک بالخصوص سندھ میں ایچ آئی وی کے بڑھتے ہوئے کیسز پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری اور مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اجلاس میں گفتگو [illegible]

[illegible]

بقیہ 14

[illegible] منائی ہیں، 14 اگست جشن آزادی کو اہل بلوچستان اور کوئٹہ بھی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منا رہی ہے، عوام کو سیکورٹی فراہم کرنے کی ذمہ داری حکومت کی ہے، یوم آزادی کے موقعے پر فل پروف سیکورٹی فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو یہی پیغام دیتا ہوں کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت ہے، نوجوان تعلیم، ٹیکنالوجی اور سائنس کے میدان میں اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا کر ملک وقوم کی خدمت کریں۔ انہوں نے کہا کہ وہ نوجوان جو دشمن کے کہنے اور ورغلانے پر پہاڑوں پر جارہے ہیں انہیں یہ راستہ ترک کرنا ہوگا پاکستان ہمارا ملک اور بلوچستان ہمارا صوبہ ہے نوجوان اس لاحاصل جنگ کو چھوڑ کر اپنے ملک وقوم کی خدمت کرے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، ٹیکنالوجی اور سیاست کے میدان میں آکر نوجوان اپنی قوم اور ملک کی خدمت کرے، حقوق حاصل کرنے کا بہترین طریقہ دنیا بھر میں جمہوری انداز میں ہے نوجوان پارلیمنٹ میں آکر اپنے صلاحیتیں بروئے کار لا کر بلوچستان کو خوشحال بنائے

بقیہ 15

(ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر منعقدہ فٹبال میچ میں کوئٹہ اور لورالائی کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ میچ کے انعقاد کا مقصد تینوں برادر ممالک پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان اخوت، یکجہتی اور باہمی تعاون کے جذبے کو اجاگر کرنا اور تاریخی معاہدے کی خوشی منانا تھا ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں 7 اگست 2026 کو طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات اور مشترکہ سلامتی کے عزم کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے، برداشت اور ہم آہنگی کے فروغ کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ لورالائی میں خصوصی فٹبال میچ کا انعقاد اسی جذبے کی عکاسی کرتا ہے کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام کے درمیان محبت اور بھائی چارے کے دیرینہ رشتے قائم ہیں

بقیہ 16

کے مقام پر گزشتہ روز پٹ فیڈر کینال سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی تھی جس کو شناخت کے لیے ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دی گئی ورثاء نہ ملنے کے باعث میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے عملے نے غسل کفن اور نماز جنازہ ادا کر کے لعل شاہ قبرستان میں امانتاً دفنا دیا گیا۔

بقیہ 17

شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات کے دوران گرینڈ الائنس کے اسیر رہنماؤں کی رہائی کے سلسلے میں ان کی جانب سے کی جانے والی کوششوں پر خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جی ٹی اے بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا کہ اساتذہ اور دیگر سرکاری ملازمین اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے طویل عرصے سے جدوجہد کر رہے ہیں، تاہم اس دوران متعدد اساتذہ کو معطل کیا گیا، جس کے باعث متاثرہ اساتذہ اور ان کے خاندان شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ وفد نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے درخواست کی کہ وہ معطل کیے گئے اساتذہ کے معاملے کو ذاتی طور پر دیکھیں اور ان کی بحالی کے لیے اپنا سیاسی اور انتظامی اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے بھرپور کردار ادا کریں اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اساتذہ، سرکاری ملازمین، مزدوروں اور تمام محنت کش طبقات کے جائز حقوق اور مفادات کے لیے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی ان طبقات کو کسی مشکل وقت میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام، ملازمین، مزدوروں، کسانوں، طلبہ، اساتذہ اور دیگر محنت کش طبقات کے حقوق کا تحفظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ جمہوری، سیاسی اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھا ہے اور ملازمین کے جائز مطالبات کو بھی اسی جمہوری جدوجہد کا حصہ سمجھتی ہے انہوں نے کہا کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر اور نئی نسل کی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے کسی بھی استاد کے روزگار سے متعلق معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا حامل ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اساتذہ کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا حکومت اور ریاست کی ذمہ داری ہے، کیونکہ ایک مضبوط اور معیاری تعلیمی نظام ہی بلوچستان کے مستقبل کو بہتر بنا سکتا ہے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے جی ٹی اے بی کے رہنماؤں کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ خود معطل کیے گئے اساتذہ اور دیگر متاثرہ ملازمین کی ملازمتوں کی بحالی کے معاملے پر کوششیں کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں متعلقہ حکام اور ذمہ دار حلقوں سے بات چیت بھی کی جائے گی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ مسئلے کو محض سیاسی یا احتجاجی معاملہ بنانے کے بجائے بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کرنے کی ضرورت ہے

بقیہ 18

کے اعلان کردہ عہدیداران کے مطابق اسرار علی چانڈیو چیئرمین، ڈاکٹر غلام نبی بیچو وائس چیئرمین، غلام حسین جکھرانی صدر، خاوند بخش چانڈیو سینئر نائب صدر، بابل کور بیچو نائب صدر اور محمد دین جکھرانی جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ تنظیم کے فعال اراکین میں ذوالفقار دشتی، گل محمد لاشاری، اللہ رکھیو لاشاری، وسیم بلوچ، شاہ زیب کور بیچو، انیس جکھرانی، علی جان جمالی اور شیر باز چانڈیو شامل ہیں۔ اس موقع پر نومنتخب چیئرمین اسرار علی چانڈیو اور صدر غلام حسین جکھرانی نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سندھ پریس کلب جیکب آباد صحافت کے اعلیٰ معائیر و اقدار کی پاسداری، آزادیٔ صحافت کے تحفظ اور مظلوم عوام کی توانا آواز بننے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 19

دہشت گرد عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر معروف قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ بھی موجود تھے سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے قربانیاں دی ہیں، دہشت گردی اور بدامنی کے ذریعے صوبے کی ترقی کا راستہ روکنے کی ہر کوشش ناکام بنائی جائے گی۔ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن اور شرپسند عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوام بھی امن وامان کے قیام کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 20

اہزنی کی وارداتوں میں حد سے زیادہ اضافہ ہوگیا ہے، مسلحہ افراد کے ہاتھوں آئے روز اور سرعام شہریوں کو موٹر سائیکل، نقدی اور قیمتی سامان سے محروم کردیا جاتا ہے، جبکہ امن وامان برقرار رکھنے کے لیے پولیس انتظامیہ کا کردار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، گزشتہ شام شہر کے بیچوں بیچ پولیس چیک پوسٹ بیگاری پل کے سامنے نامعلوم مسلحہ افراد نے سینئر صحافی نامہ نگار روزنامہ جنگ غلام مصطفی جمالی سے اسلحے کے زور پر دن دھاڑے موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین کر شہر کے درمیان سے ہی فائرنگ کرتے ہوئے با آسانی فرار ہوگئے، بروقت اطلاع کے باوجود گڑھی خیرو پولیس نے کوئی تحرک نہیں لیا نہ ہی واقعے کی تفصیلات معلوم کیں، پولیس انتظامیہ کی بے حسی اور شہر کے اندر بے امنی کی بڑھتی وارداتوں کے خلاف صحافیوں، سیاسی سماجی تنظیموں کے کارکنان اور شہریوں نے اے ڈی کھوکھر، خادم حسین بروھی، غلام مصطفی جمالی اور دیگر کی قیادت میں بیچ گلی چوک سے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے ریلی نکالی اور بیگاری پل چوک پر دھرنا، اس موقعے پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ گڑھی خیرو شہر اور گردونواح کے علاقوں میں حکومتی رٹ بلکل ہی ختم ہو چکی ہے

بقیہ 21

خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موت ایک اٹل حقیقت ہے، تاہم اپنے عزیز کی جدائی کا غم ناقابل بیان ہوتا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم میر ربنواز بہرانی کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے دورانِ تعزیت مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 22

جذبے سے جاری ہے، اسی سلسلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں محکمہ کھیل وامور نوجوانان بلوچستان کے زیر اہتمام "FunforRun" کے عنوان سے میراتھن ریس کا انعقاد کیا گیا جس میں 100 سے زائد نوجوان ایتھلیٹس نے بھرپور شرکت کی۔ میراتھن ریس ایئرپورٹ روڈ سے شروع ہو کر ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوئی، جہاں نوجوان ایتھلیٹس نے بھرپور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا جبکہ شہریوں اور کھیلوں سے وابستہ حلقوں نے اس صحت مند سرگرمی کو سراہا۔ مقابلے میں نوجوان ایتھلیٹ عین اللہ نے پہلی، رحیم نے دوسری جبکہ محمد اکرم نے تیسری پوزیشن حاصل کی، نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے ایتھلیٹس میں میڈلز اور نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل کھیل وامور نوجوانان بلوچستان ڈاکٹر یاسر بازئی سمیت محکمہ کھیل کے افسران، ایتھلیٹس اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ سیکرٹری کھیل وامور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں کھیلوں سمیت مختلف سرگرمیوں پر مشتمل پروگرامز کا انعقاد کیا جارہا ہے، کوئٹہ میں ایوب اسپورٹس کمپلیکس اور شہر کے دیگر مقامات پر تقریباً 40 مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کیے جارہے ہیں

بقیہ 23

نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، کیونکہ کھیل صحت مند معاشرے، نظم و ضبط، اتحاد اور قومی یکجہتی کو فروغ دیتے ہیں انہوں نے تمام کھلاڑیوں کو کھیل کے اصولوں، باہمی احترام اور اسپورٹس مین اسپرٹ کے ساتھ مقابلہ کرنے کی تلقین کی اور کامیاب اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں کھلاڑیوں، سرکاری حکام اور شائقینِ کھیل کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور وطنِ عزیز پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ 24

مقامات پر پینا فلیکس آویزاں کر دیے گئے، جبکہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے قومی پرچم بھی لہرا دیے گئے اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط اور دیرینہ تعلقات کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تینوں ممالک کے مشترکہ دفاعی تعاون اور باہمی سلامتی کے عزم کو مزید مضبوط بنائے گا

بقیہ 25

چکے ہیں۔ نوجوان فٹ بالر ٹرین ود کا (TWK) کلب کی جانب سے بھی میچز کھیل کر شاندار ریکارڈ قائم کر چکے ہیں۔ ارسلان احمد خان کا شمار باصلاحیت ترین نوجوان فٹبالرز میں ہوتا ہے اور انہیں پاکستان فٹبال کا ابھرتا ہوا سپر اسٹار تصور کیا جارہا ہے۔ انتہائی کم عمری میں انہوں نے اپنی غیر معمولی مہارت، برق رفتار ڈربلنگ، درست پاسنگ، شوٹنگ پاور اور اچھل کر ہیڈ کے ذریعے گیند کو کلیئر کرنے کی منفرد صلاحیت کے ذریعے کارکردگی دکھا کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ میدان میں تتلی کی طرح متحرک رہنے والے ارسلان احمد خان کے قدموں سے فٹ بال اس طرح لپٹا رہتا ہے، جیسے برسوں کی شناسائی ہو، وہ دفاعی کھلاڑیوں کے درمیان سے ایسے گزرتا ہے، جیسے پانی اپنی راہ خود بنا لیتا ہے، اس کی برق رفتار ڈربلنگ، لمحوں میں بدلتے فیصلے، حیران کن پاس، گول کرنے کی بے مثال صلاحیت اور ٹیم کیلئے کھیلنے کا جذبہ اسے ایک میچ ونر کھلاڑی بناتا ہے۔ ناصر شہید فٹ بال کلب لاہور کینٹ اور پنجاب فٹ بال اکیڈمی کے تربیت یافتہ نوجوان پلیئر ارسلان فٹ بال کھیلنے کیساتھ ساتھ ایل ایل بی کی تعلیم بھی حاصل کر رہے ہیں۔ پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹ بالر رونالڈو کو آئیڈیل بنا کر میدان میں اترنے والے نوجوان فٹ بالر کی کھیل سے گہری وابستگی اور مسلسل محنت کو دیکھتے ہوئے توقع کی جارہی ہے کہ وہ مستقبل میں پیشہ ورانہ فٹ بال میں نمایاں مقام حاصل کر کے اپنے خاندان اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ نوجوان فٹ بالر کی شاندار کارکردگی قومی سلیکشن کمیٹی کی توجہ کی منتظر ہے ارسلان احمد خان اپنی شاندار کارکردگی کی بدولت پاکستان فٹ بال ٹیم میں شمولیت کیلئے بڑے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 26

چولہے ٹھنڈے ہو چکے ہیں اور روزمرہ اشیائے خورونوش خریدنا عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو گیا ہے۔ مقامی صورتحال کے مطابق پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی عدم توجہی اور انتظامیہ کے محض "فوٹو سیشن" تک محدود رہنے کی وجہ سے گرانفروشوں نے من مانے نرخ مقرر کر رکھے ہیں۔ گوشت، سبزی، آٹا، چینی اور فروٹ کی قیمتیں انتہائی بلندی پر پہنچ چکی ہیں جس سے غریب عوام فاقہ کشی پر مجبور ہیں

بقیہ 27

نہ بدلا اور اسے درست نہ کیا تو آبنائے ہرمز دوبارہ نہیں کھولی جائے گی۔ محمد باقر ذوالقدر نے چھ شرائط پیش کرتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے یہ کہ کبھی بھی اور کسی بھی زبان میں ایران کو دھمکایا نہ جائے، ایرانی قوم کے تقدس کی توہین نہ کی جائے۔ دوسری شرط یہ کہ ایران اور اسکے اتحادیوں لبنان، فلسطین، یمن اور عراق پر مسلط جنگ اور جارحیت کو دائمی طور پر ختم کیا جائے۔ تیسری یہ کہ ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کی جائے اور امریکی افواج کو ایران کے اطراف سے ہٹایا جائے۔ چوتھے جنگ میں ایران کو پہنچائے گئے نقصانات کا بغیر کسی کمی کے پورا ہرجانہ دیا جائے۔ پانچویں ایرانی قوم پر عائد کی گئی نامنصفانہ اور غیر قانونی پابندیاں اٹھائی جائیں اور چھٹی شرط یہ کہ غیر مشروط طور پر ایرانی عوام کے چرائے گئے اور منجمد کیے گئے اثاثے جاری کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جنگ ہو یا مذاکرات سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کبھی بھی اپنے ارادوں سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔------امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ واشنگٹن ایران پر دباؤ جاری رکھے گا۔ ایرانی تکلیف میں ہیں اور اس معاملے کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جے ڈی وینس نے وضاحت کی کہ واشنگٹن ایک ایسا راستہ تیار کرنے پر کام کر رہا ہے جو آبنائے ہرمز کے ذریعے جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کی اجازت دے۔ انہوں نے مزید کہا موا ایران نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ ہرمز کے ذریعے تیل کی زیادہ سے زیادہ ترسیل کی اجازت دے گا لیکن ہم اس پر بھروسہ نہیں کرتے۔ امریکی نائب صدر نے مزید کہا کہ ہمارے منصوبے میں ایران کا یہ عہد بھی شامل ہے کہ وہ تجارتی جہازوں پر فائرنگ نہیں کرے گا۔-------ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران تمام تر دباؤ کے باوجود مزاحمت کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ اپنے ایک بیان میں عباس عراقچی نے کہا کہ ہم اپنے شہدا کے خون ناحق کو بھولنے یا نظرانداز نہیں ہونے دیں گے، ہمارے عظیم شہدا کا خون بہانے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی جاری رہی تو امریکا سے مذاکرات نہیں ہوں گے

بقیہ 28

منظرنامے کو مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ نئی قانون ساز اسمبلی میں حکومت سازی کے لیے بھی انتہائی اہم ہوں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 2 اضلاع کی 4 نشستوں پر ہر ووٹ سیاسی نقشہ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اب 10 اگست کو ضلع باغ اور حویلی میں انتخابی دنگل سجے گا، 4 جنرل نشستوں پر 82 امیدوار آمنے سامنے ہوں گے اور 4 لاکھ 60 ہزار سے زائد رجسٹرڈ ووٹرز امیدواروں کے مستقبل کا فیصلہ کریں گے، ضلع باغ میں انتخابی معرکہ باغ اور حویلی کے 4 حلقوں پر مشتمل انتخابی میدان میں ہوگا، جہاں سیاسی جماعتوں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ ہوگا۔ ضلع باغ میں سیاسی مقابلہ صرف بڑی جماعتوں تک محدود نہیں، آزاد امیدوار بھی بڑی تعداد میں میدان میں موجود ہیں، باغ اور حویلی کے چار حلقوں میں 82 امیدوار انتخابی دوڑ میں شامل ہیں۔ پونچھ ڈویژن کے حلقوں LA-14 باغ 1، LA-15 باغ 2، LA-16 باغ 3 اور LA-17 باغ وحویلی کہوٹہ میں الیکشن کمیشن کی جانب سے 803 پولنگ اسٹیشنز اور 1254 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے ہیں

بقیہ 29

افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس تعداد میں حالیہ ہفتوں کے دوران خصوصاً جنوبی ایران میں امریکہ کے ساتھ جھڑپوں میں ہلاک ہونے والے افراد شامل نہیں ہیں، ہلاک ہونے والوں میں تقریباً تین ہزار مرد اور 500 خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہلاک شدگان میں 270 طلبہ بھی شامل تھے جن میں اکثریت میناب کے شجر طیبہ سکول کے طلبہ کی تھی جو ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملے کے پہلے روز مارے گئے

بقیہ 30

اطلاعات ونشریات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ دعویٰ مسلمہ حقائق کے منافی اور عالمی توجہ اصل مسئلے سے ہٹانے کی کوشش ہے۔ بیان کے مطابق افغانستان امریکی اور اتحادی افواج کے انخلا کے بعد چھوڑے گئے جدید ہتھیاروں اور فوجی ساز وسامان کی بڑی مقدار پہلے ہی رکھتا ہے، جس کی مالیت کا تخمینہ 7.2 ارب امریکی ڈالر لگایا گیا ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغانستان میں کئی دہائیوں کے تنازعات کے دوران جمع ہونے والے سوویت دور کے ہتھیاروں کے بڑے ذخائر بھی موجود ہیں، جو افغان سرزمین پر اسلحے کی موجودگی کی ایک اہم وجہ ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ایسے ہتھیاروں کو پاکستان سے منسوب کرنے کی کوشش بظاہر عالمی توجہ اصل اور زیادہ سنگین مسئلے سے ہٹانے کی کوشش ہے، یہ معاملہ افغان سرزمین پر دہشت گرد گروہوں کی موجودگی اور ان کی سرگرمیوں سے متعلق اہم تشویش کو پس پشت ڈالنے کے مترادف ہے۔

بقیہ 31

کو فرانسیسی خبر رساں ایجنسی سے گفتگو میں کہا کہ حماس اور دیگر دھڑوں نے ثالثوں کو معاہدے پر عملدرآمد شروع کرنے اور دوسرے مرحلے میں داخل ہونے کے لیے اپنی آمادگی سے آگاہ کر دیا ہے، بشرطیکہ اسرائیل اس کی منظوری دے اور معاہدے پر عملدرآمد شروع کرے۔ عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر مزید کہا کہ حماس امریکی انتظامیہ پر زور دے رہی ہے کہ وہ اسرائیل پر دباؤ ڈالے تاکہ اسے معاہدے کی پاسداری اور دوسرے مرحلے کی جانب پیش رفت پر مجبور کیا جا سکے۔ گزشتہ ہفتے ٹرمپ نے حماس کی جانب سے منصوبے کے تحت غیر مسلح ہونے پر رضامندی کو اہم پیش رفت قرار دیا تھا۔ بورڈ آف پیس نے کہا تھا کہ اس کے بدلے اسرائیل غزہ کے بڑے حصے سے مرحلہ وار اپنی فوج واپس بلائے گا

بقیہ 32

لیے ان کے بارے میں تشویش ظاہر کی جاتی رہی ہے۔ ایران کے نیم سرکاری خبر رساں ادارے نے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کی ایک ویڈیو جاری کی ہے جس میں وہ ایک وفد سے گفتگو کر رہے ہیں اور مکمل صحت یاب دکھائی دے رہے ہیں۔ اس ویڈیو پر کوئی تاریخ درج نہیں ہے البتہ سرکاری میڈیا نے اسے اس طرح وائرل کیا ہے کہ جیسے یہ ویڈیو مجتبیٰ خامنہ ای کے سپریم لیڈر بننے کے بعد کی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا نے یہ بھی نہیں بتایا کہ یہ ویڈیو کہاں، کس مقصد کے لیے اور کب ریکارڈ کی گئی تھی۔ ایران کا نیم سرکاری خبر رساں ادارہ مہر سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے کے قریب سمجھا جاتا ہے تاہم اس ویڈیو کو ایران کے دیگر بڑے سرکاری ذرائع ابلاغ نے نمایاں طور پر نشر نہیں کیا

بقیہ 33

نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے (مکہ معاہدہ) کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو روز کے دوران مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے (مکہ معاہدہ) کے حوالے سے جاری بحث اور عوامی دلچسپی کے تناظر میں، وہ اس معاہدے کے بارے میں وضاحت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ جس پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے 7 اگست 2026 کو مکہ مکرمہ میں مشترکہ طور پر دستخط کئے ہیں، تینوں ممالک کی قیادت اور عوام کے درمیان برادرانہ تعلقات کی گہرائی کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ کئی برسوں سے جاری مذاکرات اور باہمی رابطہ کاری کا نتیجہ ہے جس کا مقصد امن وسلامتی کے مختلف چیلنجز سے نمٹنے، اسٹریٹجک تعاون کو مضبوط بنانے اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے مشترکہ خواہش کو آگے بڑھانا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ مکہ معاہدہ ان ممالک کے درمیان موجود کسی بھی دو طرفہ یا کثیر جہتی معاہدے، یا دیگر ممالک یا تنظیموں کے ساتھ موجود معاہدوں کو منسوخ یا تبدیل نہیں کرتا اور نہ ہی ان کی جگہ لیتا ہے، تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر بیرونی مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، جو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت انفرادی اور اجتماعی دفاع کے فطری حق سے ہم آہنگ ہے۔

بقیہ 34

قیمتیں موجودہ سطح پر برقرار ہیں تو اچھی خبر خود بخود سامنے آ جائے گی، حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے مکمل شفافیت یقینی بنائے گی اور درآمدی توانائی کی تمام لاگت اوگرا کی ویب سائٹ پر عوام کے سامنے رکھی جائے گی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے قوم کو 79ویں یوم آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ 14 اگست کو ہمیں اس عزم کا اظہار کرنا ہے کہ سب مل کر پاکستان میں نئی خوشحالی کا دور شروع کریں گے، ہم سب نے مل کر ملک کو علامہ اقبال اور قائداعظم کا پاکستان بنانا ہے۔ نواز شریف نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی کاوشوں سے مکہ معاہدہ ہوا جس پر پوری قوم کو فخر ہے، حکومت کی حکمت عملی اور مضبوط فوج کے باعث پاکستان کی ترقی کے لیے نئی تاریخ رقم ہونے جا رہی ہے۔ حکومت قوم سے وعدہ کرتی ہے کہ اگلی منزل معاشی میدان میں ترقی ہے اور اس مقصد کے لیے بھرپور کاوشیں جاری ہیں۔ پاکستان نیٹ سیکیورٹی مہیا کرنے والا ملک ہے جو خطے میں امن اور تحفظ کا ضامن ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے خطرے سے نکالا، اب حکومت کا کام ملک کو مستقل ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ ایران اور امریکہ کی جنگ کے باعث پاکستان کو وقتی طور پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، دنیا میں خام تیل کی قیمت 170 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تاہم پاکستان میں پیٹرول کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی

بقیہ 35

ہے، مکہ معاہدہ مکہ مکرمہ کے قریب بیٹھ کر ہوا ہے اور اس کا سیکرٹریٹ بھی مکہ ہی ہوگا، تمام اسلامی ممالک سے کہتے ہیں ایک چھتری تلے اکٹھے ہوجائیں، سعودی عرب ترکیہ، پاکستان کا دفاعی معاہدہ خطے کیلئے ایک تاریخی معاہدہ ہے، جو اسلامی ممالک دفاع کیلئے کسی اور کی طرف دیکھتے تھے اب خود اپنا دفاع کر سکیں گے، بہت سے اسلامی ممالک اس معاہدے کا حصہ بننا چاہتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں پاکستان نیوکلیئر ملک ہے اور اس کی مسلح افواج ہر طرح کی جنگی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیروزوالہ بار کے سیکرٹری جنرل چوہدری سبطین گجر کی رہائشگاہ پر ان کے جواں سال صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس تاریخی معاہدے میں جو کردار ادا کیا ہے اس سے اسلامی ممالک میں ایک امید کی کرن پیدا ہوئی ہے

بقیہ 36

کے قیام کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس کے مطابق کمشنر قلات ڈویژن کو انکوائری کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر حب، ڈپٹی کمشنر آواران اور ایس پی حب کمیٹی کے ارکان ہوں گے، ایس پی حب کمیٹی کے سیکرٹری کی ذمہ داریاں بھی انجام دیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تحقیقاتی اداروں کے نمائندے بھی انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے اور واقعہ کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ کمیٹی اسماعیل جنگ کو دی جانے والی دھمکیوں، اہل خانہ کے قتل اور اس سے متعلق دیگر معاملات کی تحقیقات کر کے 15 روز کے اندر اپنی رپورٹ حکومت بلوچستان کو پیش کرے گی

بقیہ 37

معاہدہ اتحاد امت کی جانب اہم پیش رفت، ایران و دیگر اسلامی ممالک کو بھی شامل کیا جائے، سولہ اگست کو چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز مافیا اور اشرافیہ کی مراعات و عیاشیوں کے خلاف دھرنے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے المرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا وسطی عبدالواسع، جنرل سیکرٹری صابر حسین اعوان، امیر پشاور بحر اللہ ایڈووکیٹ، نائب امیر صہیب الدین کاکا خیل، ڈائریکٹر میڈیا سیل خیبر پختونخوا وسطی احمد فرقان خلیل، ترجمان خیبر پختونخوا وسطی نور الواحد جدون اور صدر الخدمت فاؤنڈیشن خیبر پختونخواہ وسطی و جنوبی خالد وقاص چمکنی بھی اس موقع پر موجود ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے عوام کو امن کی فراہمی حکمرانوں کی اولین ذمہ داری ہے، عوام کو وسائل، معدنیات پر ان کا حق ملنا چاہیے، نوجوانوں کو روزگار ملے گا تو مسائل کے حل کی جانب مثبت پیشرفت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغانستان تجارت کی معطلی سے دونوں ممالک کے تاجر بے حد پریشان ہیں، سرحدی تجارت کو کھولا جائے

بقیہ 38

میں صوبے کے عوام میں سخت مایوسی پھیل رہی ہے اور حکومتی سیکورٹی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر دکھائی دے رہی ہیں۔ صرف یہی نہیں تمام ملک میں پشتونوں کی کاروبار، تجارت، ملک میں روزمرہ کے معمولات زندگی سرانجام دینے والے تاجر، محنت کش مزدور اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کو ہراساں کیا جاتا ہے۔ پولیس تھانوں میں بند کیا جاتا ہے اور بھاری بھرکم رشوت پر انہیں رہائی ملتی ہے۔ تمام شاہراہوں آمدورفت ناممکن ہو گیا ہے اور صوبے کے لوگ اپنے فصلات باغات کے سیزن کے ہوتے ہوئے کسی بھی شہر میں اپنا مال پہنچانے سے کتراتے ہیں۔ موبائل فون سروس بند کرنے کی بازگشت سنانا، خوف وہراس پھیلانا اور مسلط غیر نمائندہ ٹولے اور ان کے مسلط کرنے والوں کے لیے رشوت، کرپشن، جھوٹ، دھوکہ دہی کی کھلی اجازت دینا ملک اور اس کے اداروں کو کھلا کرنے کی مترادف ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی پشتونوں کے ساتھ جاری ملک بھر میں ناروا سلوک اور پشتونخوا وطن میں سرکاری سرپرستی میں جاری بدامنی کے خاتمے، کاروبار روزگار کی ضمانت اور معدنی خزانوں پر حق کے ملکیت طے کرنے اور ہمارے عوام کو قدرتی خزانوں میں حصہ دار بنانے اور آواز بلند کرنے کے لیے 30، 31 اگست اور یکم ستمبر 2026 کو تین روزہ جرگہ کوئٹہ میں منعقد ہوگا جس میں دعوت دینے والوں سے استدعا کی گئی کہ وہ شرکت کر کے عوام دوستی کا ثبوت دیں۔

بقیہ 39

حکومت سے مذاکرات ہوں گے۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان کی جانب سے بیان میں کہا گیا ہے کہ اتوار کو دوسرے دن بھی ہماری ملک گیر ہڑتال جاری رہی، پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز ہڑتال پر ہیں، (آج) پیر کو وفاقی حکومت اور سندھ حکومت کے ساتھ مذاکرات ہوں گے

بقیہ 40

مسافروں کے امیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے امیگریشن کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور عملے سے پراسیس کے بارے میں پوچھا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مسافروں سے امیگریشن پراسیس کے وقت بارے دریافت کیا۔ مسافروں نے وزیر داخلہ کو بتایا کہ امیگریشن میں 30 منٹ میں لگے۔ مسافروں نے امیگریشن کے لئے انتظامات مزید بہتر کرنے کی استدعا کی

بقیہ 41

مطابق یقین یاہو نے غزہ پیس بورڈ کی جانب سے پیش کردہ 15 نکاتی دستاویز مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی فوج غزہ سے اس وقت تک کسی قسم کا انخلا نہیں کرے گی جب تک حماس کو حقیقی طور پر غیر مسلح نہیں کر دیا جاتا۔ نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل حماس کی محض ظاہری یا فرضی کمزوری نہیں بلکہ اس کی حقیقی عسکری صلاحیتوں کا مکمل خاتمہ چاہتا ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم نے بتایا کہ اس معاملے پر امریکا کے ساتھ بات چیت جاری ہے، امریکی حکام کی جانب سے پیش کی گئی کچھ تجاویز قابل قبول ہیں، تاہم بعض تجاویز اسرائیل کے لیے ناقابل قبول ہیں

بقیہ 42

15 اگست 2026 تک روزانہ شام 8:00 بجے سے صبح 9:00 بجے تک کرفیو نافذ رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ اوقات میں غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں، قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مکمل تعاون کریں اور اپنے اہل خانہ کی حفاظت کے لیے جاری کردہ سیکورٹی ایس او پیز پر سختی سے عمل کریں۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ کرفیو کی خلاف ورزی کرنے والے افراد اپنے کسی بھی ممکنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 43

لیے اعزاز ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے چنا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ وہ پوری پاکستان قوم کو مبارکباد دیتے ہیں کہ پاکستان کو ایک اور تاریخی کامیابی ملی ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے نے ایک دفاعی معاہدہ کیا ہے، یہ دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں ہے بلکہ خطے میں امن کی ضمانت فراہم کرے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ حالیہ واقعات نے ثابت کیا ہے کہ خطے کے اندر جیو پولیٹکس کے نتیجے میں جو بے یقینی اور کشیدگی کے جو گہرے سائے آئے ہیں ان سے پاکستان ہی نہیں بلکہ پورا خطہ متاثر ہوا ہے، لہٰذا خطے میں امن اور سلامتی کے لیے اس خطے کے ممالک کو ایک دوسرے سے تعاون کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان لازوال، مضبوط، تاریخی، ثقافتی، مذہبی اور سفارتی رشتے قائم ہیں، اس معاہدے سے خطے میں امن کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ جس نے پاکستانی قوم کو یہ دن دکھایا، آج پورا پاکستان اس معاہدے پر خوشیاں منا رہا ہے، آپ کو ہر جگہ پاکستان میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے جھنڈے نظر آئیں گے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری مسلم امہ کے لیے بہت ہی فخر کی بات ہے، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس کے لیے کردار ادا کیا، یہ ایک تاریخ ساز معاہدہ ہے، اس سے پاکستان کو دنیا میں وہ مقام حاصل ہوا ہے جس کی خواہش پاکستانی ہمیشہ سے کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ باہمی شراکت داری کے حوالے سے ایک سنگ میل ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اس معاہدے کے تحت آگے بڑھیں گے، اس پر اللہ کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو یہ اعزاز بخشا کہ پاکستان محافظ حرمین شریفین بنا۔ وفاقی وزیر عطا تارڑ نے کہا کہ 3 برادر ملکوں کا دفاعی معاہدہ ہونا اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے، ہم اس معاہدے کو بھرپور طریقے سے سیلیبریٹ کر رہے ہیں، لوگوں میں خوشی کی لہر ہے، یہ معاہدہ صرف خطے کی سلامتی کے لیے ہے، پاکستان کے عوام کو مبارک ہو کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے چنا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ نہ صرف پاکستان کے لیے باعث فخر ہے بلکہ پورے خطے کے لیے بھی انتہائی اہم ہے، کیونکہ خطے کے تین اہم ممالک معاشی وسائل، دفاعی صلاحیت اور اپنی حفاظت کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پرامن مقاصد اور خطے کی سلامتی کے لیے ہے، اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ہمارے ممالک کے خلاف کسی بھی قسم کی ناجائز جارحیت نہ ہو۔ اویس لغاری نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے لیے اس لحاظ سے اہم ثابت ہوگا کہ تینوں ممالک کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے فولادی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے، کسی کو ان ممالک کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی جرات نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدہ مسلم امہ کے اتحاد اور خطے میں امن کے نئے دور کی بنیاد ہے۔ اللہ تعالیٰ اس اتحاد کو ہمیشہ قائم رکھے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ میں طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ پوری مسلم امہ کے لیے امن کی راہ ہموار کرے گا۔ یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے اتحاد، اعتماد اور مشترکہ امن کی نئی تاریخ کے آغاز کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے یہ اہم فیصلہ کر کے ثابت کیا ہے کہ مضبوط قیادت قوموں کو ایک دوسرے کے قریب لاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پوری پاکستانی قوم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ ان رہنماؤں کی دن رات کی محنت کے نتیجے میں پاکستان کو آج دنیا میں امن کے حوالے سے ایک باوقار مقام حاصل ہوا ہے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا سب سے پہلے پوری پاکستانی قوم، سعودی عرب اور ترکیہ کو اس تاریخی معاہدے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ معاہدہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں ہماری مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے، جبکہ سیاسی ٹیم اور سفارتی سطح پر بھی دن رات کی جانے والی محنت قابل تحسین ہے۔ یہ معاہدہ خطے میں مستقل امن کی بنیاد رکھے گا۔ تینوں ممالک، جن کے درمیان پہلے ہی قریبی برادرانہ تعلقات موجود ہیں، اب ایک دوسرے کے دفاع کے لیے متحد ہوگئے ہیں۔ کسی ایک ملک کے خلاف جارحیت کو تینوں ممالک کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ اس معاہدے سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور آنے والے دنوں میں نہ صرف خطے میں امن قائم کرنے کی کوششوں کو تقویت ملے گی بلکہ تینوں ممالک کے باہمی تعلقات بھی مزید بہتر ہوں گے۔ یہ معاہدہ پوری دنیا اور بالخصوص مسلم امہ کے لیے ایک تاریخی پیغام ہے۔ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا یہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے مفاد میں ہے اور پوری مسلم امہ کے لیے بھی ایک مضبوط پیغام ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر قیادت کی دن رات کی محنت سے یہ تاریخی کامیابی ممکن ہوئی۔ یہ صرف تینوں ممالک ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے لیے ایک مثبت پیشرفت ہے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ جس طرح میاں نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا گیا، اسی طرح آج وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں مکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان تعاون کے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ کسی کے خلاف نہیں بلکہ تینوں ممالک کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہے۔

بقیہ 44

روزمرہ امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس کی بندش سے شہریوں کے باہمی رابطے متاثر ہوئے ہیں۔ سروس کی معطلی کے باعث آن لائن خدمات، موبائل ڈیٹا اور دیگر مواصلاتی سہولیات بھی متاثر ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سیکورٹی خدشات کے پیش نظر سروس کی معطلی کی وجوہات اور بحالی کے حوالے سے متعلقہ حکام کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال واضح کی جائے اور سیکورٹی حالات معمول پر آنے کے بعد موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس جلد بحال کی جائے۔

بقیہ 45

برادر ممالک کے درمیان مضبوط اعتماد اور دوستی کی علامت ہونے کے ساتھ ساتھ خطے میں اجتماعی سلامتی، استحکام اور امن کے لیے اہم سنگ میل ہے۔ اپنے بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون اس بات کا واضح اظہار ہے کہ تینوں برادر ممالک اپنی خودمختاری، قومی سلامتی اور علاقائی امن کے تحفظ کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مضبوط دفاعی صلاحیت، ترکیہ کی جدید دفاعی ٹیکنالوجی اور سعودی عرب کی معاشی و سفارتی اہمیت تینوں ممالک کو ایک منفرد اور مضبوط شراکت داری فراہم کرتی ہے، جو خطے میں طاقت کے توازن، امن اور استحکام کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ بابر یوسفزئی کا کہنا تھا کہ اس دفاعی معاہدے کو کسی ملک کے خلاف محاذ آرائی کے تناظر میں نہیں دیکھا جانا چاہیے بلکہ یہ تینوں ممالک کے دفاع، خودمختاری اور باہمی سلامتی کے عزم کا مظہر ہے۔ مضبوط دفاع ہی پائیدار امن کی بنیاد بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا ایک دوسرے کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہونا دنیا کے لیے واضح پیغام ہے کہ برادر ممالک اپنے مشترکہ مفادات، امن اور سلامتی کے لیے متحد ہیں۔ معاون برائے داخلہ بلوچستان نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان کے لیے ایک قابل فخر سفارتی اور دفاعی پیش رفت ہے۔ ہمیں اپنی بہادر مسلح افواج، قومی قیادت اور برادر ممالک سعودی عرب و ترکیہ کے ساتھ مضبوط شراکت داری پر فخر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان یہ تعاون خطے میں امن، استحکام، دفاعی تعاون اور باہمی روابط کے ایک نئے دور کی بنیاد بنے گا۔

بقیہ 46

عوام کو مبارکباد کا پیغام دیا۔ صدر مملکت نے اپنے خط میں کہا کہ پاکستان سنگاپور کی بصیرت افروز قیادت، دانشمندانہ طرزِ حکمرانی اور عوام کے غیر متزلزل عزم کے ذریعے حاصل ہونے والی تعمیر ملت اور معاشی تبدیلی کے شاندار سفر کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے سنگاپور کی کامیابی، جدت طرازی اور پیش رفت کو ایک متاثر کن مثال قرار دیا۔ صدر زرداری نے رواں سال کو پاکستان اور سنگاپور کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ کے طور پر، خاص اہمیت کا حامل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ دہائیوں کے دوران باہمی اعتماد، خیر سگالی اور عوامی روابط پر مبنی یہ دوستی مسلسل پروان چڑھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کثیر الجہتی فورمز پر اپنے روابط جاری رکھیں گے اور دو طرفہ سیاسی روابط کو بھی برقرار رکھیں گے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت، گرین ٹیکنالوجی، سمندری ولاجسٹکس روابط، شہری منصوبہ بندی، پیشہ ورانہ تربیت، تعلیمی و ثقافتی تبادلے اور سیاحت کے شعبوں میں توسیع کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، دونوں ممالک اور ان کے عوام کے فائدے کے لیے، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے سنگاپور کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 47

رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکورٹی فورسز کی تحسین کی اور 15 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکورٹی فورسز کے بہادر جوان قوم کا فخر ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ان شاءاللہ قوم کی حمایت سے بلوچستان سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 48

نام سے طویل المدتی منصوبے کے اجراء کا فیصلہ کرلیا ہے، منصوبے میں نوجوانوں کو پائیدار ترقی، جدت اور خوشحالی کا محرک بنانا ترجیح قرار دیدیا گیا۔ طویل مدتی وژن میں آئندہ 21 برس کے لیے قومی ترقی، معاشی تبدیلی اور انسانی سرمائے کی بہتری کے اہداف طے کیے جائیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے وژن 2047 کا باضابطہ اعلان 12 اگست کو نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر متوقع ہے۔ متعلقہ وزارتوں، ڈویژنز سے وژن 20247 کے مقاصد اور ترجیحات طلب کر لی گئی ہیں۔ تمام منسلک محکموں، خودمختار اداروں، دفاتر سے آراء مانگتے ہوئے حکمت عملی کے اہداف، اہم اصلاحات اور تفصیلات پیش کرنے کا بھی کہا گیا ہے۔

بقیہ 49

باوجود وسیع تر لاشوں کی بازیافت کے منصوبے کے دوسرے مرحلے کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ریسکیو ٹیموں نے مغربی غزہ شہر میں السینا اسٹریٹ پر کرم رہائشی عمارت میں چار روزہ تلاشی اور بازیابی کا آپریشن مکمل کیا ہے، جس میں اسرائیلی حملے کے دوران تباہ ہونے والی عمارت کے نیچے سے 19 فلسطینیوں کی باقیات کو نکال لیا گیا ہے۔ سول ڈیفنس کے باڈی ریکوری پراجیکٹ کے ایگزیکٹو سپروائزر محمد ابو دان نے کہا کہ ٹیموں نے جائے وقوع پر تلاشی کی کوششیں مکمل کرنے کے بعد اس مخصوص مقام پر آپریشن مکمل کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشلائزڈ یونٹس اب غزہ شہر کے دوسرے علاقے میں منتقل ہو گئے ہیں تاکہ پراجیکٹ کے جاری دوسرے مرحلے کے حصے کے طور پر بحالی کی نئی کارروائیاں شروع کی جا سکیں، جسے حکام نے 19 جولائی کو ایک اندازے کے مطابق 1,072 لاشوں کو تلاش کرنے کے لیے شروع کیا تھا جن کے بارے میں خیال ہے کہ انکلیو میں تباہ شدہ 147 گھروں کے نیچے پھنسی ہوئی ہیں۔ شہری دفاع کے ترجمان محمود بسال نے کہا کہ یہ کام "انتہائی محدود "وسائل کے ساتھ جاری ہے جس میں ایک کھدائی کرنے والا، ایک بلڈوزر اور ایک ٹرک شامل ہے جس میں ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کی مدد حاصل ہے۔

بقیہ 50

نظام کے ذریعے وزارت کی براہِ راست نگرانی میں چلایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ سال نجی حج کی بکنگ کا عمل روایتی انداز میں پرائیویٹ حج آپریٹرز کے ذریعے نہیں ہوگا بلکہ وزارتِ مذہبی امور کی نگرانی میں مکمل کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے سرکاری پاک حج ایپ کو استعمال کیا جائے گا جس کے ذریعے نجی حج اسکیم سے متعلق بکنگ اور دیگر مراحل مکمل کیے جائیں گے۔ نئے نظام کا فیصلہ سعودی عرب کے نسک مسار سسٹم کے مطابق حج آپریشن کو ڈیجیٹل بنانے کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ حج 2027 میں پہلی مرتبہ سرکاری اسکیم کے ساتھ ساتھ نجی حج آپریشن بھی وزارتِ مذہبی امور کی براہِ راست نگرانی میں انجام پائے گا۔ وزارتِ مذہبی امور کے اس اقدام سے نجی حج سکیم کے انتظامی اور بکنگ کے مراحل کو ایک مرکزی ڈیجیٹل نظام کے تحت لانے کی راہ ہموار ہوگی جبکہ عازمین حج کے لیے بکنگ کے طریقہ کار میں بھی نمایاں تبدیلی متوقع ہے۔

بقیہ 51

ٹرمپ نے کہا کہ امریکا ایران کے ساتھ صرف "نیم مذاکرات" کر رہا ہے، جبکہ واشنگٹن ایران کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔ امریکی صدر کے مطابق ایران میں مہنگائی بہت زیادہ ہے اور ملک کے پاس پیسے نہیں ہیں، جبکہ ایران معاشی طور پر انتہائی خراب صورتحال سے دوچار ہے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ ایران کے پاس اپنی فوجیوں کو تنخواہیں دینے کے لیے بھی پیسے نہیں ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی بحری ناکہ بندی نے ایران کے معاشی بحران کو مزید سنگین کر دیا ہے، تاہم امریکا ایران پر اقتصادی دباؤ بڑھنے دے گا اور فی الحال نئی فوجی کارروائی نہیں کرے گا۔ امریکی صدر نے ایران کے ساتھ جاری معاملے کو شطرنج کے کھیل سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ بالآخر سب ٹھیک ہو جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ معاملہ ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ امریکا اور ایران "کھیل کے درمیان" میں ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ تیل کی قیمت 75 ڈالر سے کچھ زیادہ ہونے کے باعث امریکی صارفین پر جنگ کا دباؤ کم ہے۔

بقیہ 52

نے واضح کیا کہ یہ معاہدہ ایران یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف نہیں ہے۔ نیٹو معاہدے کی دفعہ 5 اجتماعی دفاع کے اصول پر مبنی ہے، جس کے تحت فریقین اس بات پر متفق ہیں کہ یورپ یا شمالی امریکہ میں ایک یا ایک سے زیادہ رکن ممالک پر مسلح حملہ تمام رکن ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ فیدان نے وضاحت کی کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کی جانب سے طے پانے والے معاہدے میں نیٹو کے طرز پر ایک وزارتی کمیٹی تشکیل دینے کی شق شامل ہے، جبکہ معاہدے کی سرگرمیوں میں رابطہ کاری اور اس کے طریقہ کار پر عمل درآمد کے لیے ایک جنرل سیکریٹریٹ بھی قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ بعض تکنیکی معاملات حل ہونے کے بعد مصر بھی اس دفاعی معاہدے میں شامل ہو سکتا ہے۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا کہ یہ معاہدہ ایران کو ہدف نہیں بناتا اور کوئی بھی ملک اس معاہدے کا ہدف نہیں ہوگا، جب تک وہ رکن ممالک پر حملہ نہیں کرتا۔ بحیرہ احمر کے حوالے سے فیدان نے کہا کہ سمندری آمدورفت کا تحفظ ترکیہ کے مفادات سے براہِ راست متعلق ہے۔

بقیہ 53

ملک میں آئینی، جمہوری اور پارلیمانی نظام کی مضبوط بنیاد رکھی، پارلیمانی جمہوریت ریاست پاکستان کا اساس ہے جس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ پارلیمان پاکستان 10 اگست کو معرض وجود میں آیا جبکہ مملکت پاکستان کا قیام اسی پارلیمان میں 14 اگست 1947 کو ہوا، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور پارلیمانی روایات کا فروغ، قومی یکجہتی، ملکی استحکام، پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار دستور ساز اسمبلی کے قیام کی 79ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے اتوار کو جاری پریس ریلیز کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ 10 اگست 1947 کو کراچی میں منعقد ہونے والا دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس بانیانِ پاکستان کے جمہوری وژن کی عملی تعبیر تھا، جس نے آئین سازی، قانون سازی اور پارلیمانی نظام کی بنیاد رکھ کر ایک جدید، جمہوری ریاست کی تشکیل کی راہ ہموار کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دن ہمیں آئینی اداروں کے احترام، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی نمائندگی کے تقدس کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لئے نوجوان نسل کو پاکستان کے آئینی ارتقا، پارلیمانی تاریخ اور جمہوری روایات سے روشناس کرانا ضروری ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان عوام کی امنگوں کا ترجمان ادارہ ہے، جو مؤثر، بروقت اور عوام دوست قانون سازی کے ذریعے عوام کو درپیش مسائل کا حل یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پارلیمان قانون سازی مزید مؤثر بنانے اور پارلیمانی کارروائی میں شفافیت کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے تمام سیاسی قوتوں پر زور دیا کہ وہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے باہمی احترام، مکالمے، برداشت اور اتفاق رائے کی پارلیمانی روایت کو فروغ دیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ مضبوط جمہوری ادارے ہی قومی استحکام اور ترقی کی بنیاد ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک فعال پارلیمان مضبوط اور خوشحال پاکستان کی ضامن ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ عوام تک معلومات کی بروقت رسائی، ادارہ جاتی استعدادِ کار میں اضافے اور پارلیمانی امور میں جدت لانے کے لیے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیجیٹل نظام متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو آئین، پارلیمانی امور، قواعد وضوابط اور قانون سازی کے عمل سے روشناس کرانے کے لیے قومی اسمبلی کا انٹرن شپ پروگرام کامیابی سے جاری ہے، جو نوجوانوں میں جمہوری شعور کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے مزید کہا کہ پاکستان کی پارلیمان 2015 سے مکمل طور پر شمسی توانائی پر منتقل ہو چکی ہے، جو ماحول دوست پالیسیوں، توانائی کے مؤثر استعمال اور پائیدار ترقی کے قومی وژن سے اس کے عملی عزم کا مظہر ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارلیمان آئین کے تحفظ، قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں خلوص اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ترقی، سیاسی استحکام اور عوامی خوشحالی کے اہداف صرف مضبوط جمہوری اداروں، مؤثر قانون سازی، آئین کی بالادستی اور قومی اتفاق رائے کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے کہا کہ دستور ساز اسمبلی کے قیام کی سالگرہ بانیانِ پاکستان کے جمہوری وژن، آئینی اصولوں اور عوامی خدمت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان وفاق کی علامت، قومی وحدت کا مظہر اور عوام کی اجتماعی آواز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مؤثر قانون سازی، شفاف طرزِ حکمرانی اور مضبوط جمہوری ادارے ایک مستحکم، پرامن اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہیں، اور پارلیمان اس قومی مقصد کے حصول کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 54

رسائی ہے۔ ایک انٹرویو میں سہیل آفریدی نے کہا کہ 27 ستمبر کی لانگ مارچ کو وہ خود لیڈ کریں گے، یہ ون ڈے ایونٹ نہیں ہوگا، اسلام آباد آکر واپس نہیں جائیں گے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے بتایا کہ لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں سے مشاورت کے بعد کیا ہے جبکہ علیمہ خان بھی تحریک میں ساتھ ہوں گی۔ انہوں نے لانگ مارچ کا مقصد واضح کرتے ہوئے بتایا کہ پی ٹی آئی کی لانگ مارچ کا مقصد بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی نہیں بلکہ ان تک رسائی ہے، رہائی آئین وقانون کے مطابق ہوگی۔ لانگ مارچ کے لیے ڈیڑھ ماہ بعد کی تاریخ دینے کے سوال پر سہیل آفریدی نے کہا کہ موسم اور تیاری کے لیے مناسب وقت ملنے کی وجہ سے 27 ستمبر کی تاریخ دی گئی ہے۔

بقیہ 55

معاہدے پر پہنچنے کے لیے موجودہ صورتحال بہترین وقت ہے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت امریکا کے لیے ضروری تھا کہ وہ ایران اور عمان کی جانب سے مشترکہ طور پر تیار گائیڈ لائنز پر عمل کرے تاہم امریکا نے یہ نہیں کیا جس پر ایران کو ردعمل دینا پڑا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایسی صورتحال میں عام طور پر ایک ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ خلاف ورزیوں کے مسئلے سے نمٹا جائے اور اس پر کام کیا جا رہا ہے۔ ایرانی صدر نے امید ظاہر کی کہ ایران وقار اور فخر کے ساتھ اس راہ پر آگے بڑھے گا۔ مسعود پزشکیان نے امریکا کو مجرم اور استعماری حکومت قرار دیا اور کہا کہ امریکا سے متعلق ایران کا رویہ نہیں بدلا۔ انہوں نے قوم کو خبردار کیا کہ امریکا اور اسرائیل جانتے ہیں کہ صرف جنگ سے ایرانیوں کو حکم ماننے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے وہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے داخلی تقسیم، نااتفاقی اور تنازعات کو بطور ہربہ استعمال کر سکتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ قومی اتحاد اور مزاحمت ہی ملک کی سیکورٹی اور دفاعی صلاحیتوں کا تحفظ کرنے کے لیے لازم ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ایرانی عوام کو استقامت اور مزاحمت جاری رکھنا ہوگی۔

میونسپل کمیٹی وارڈ 20 کے ضمنی بلدیاتی انتخاب، غلام فرید لاشاری کامیاب

غلام فرید لاشاری کے حامیوں اور کارکنوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، کامیابی پر مبارکباد دینے کا سلسلہ شروع

سیوی (اللہ داد رند) صوبے کے دیگر شہروں کی طرح سیوی میں بھی میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 20 کے ضمنی بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہوا، جہاں سبی لہڑی اتحاد اور سردار محمد (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز تشویشناک، فوری اقدامات ناگزیر ہیں، ثمینہ ممتاز زہری

صحت کے مراکز اور طبی اداروں کی مؤثر نگرانی اور ضابطہ کاری کے لیے مضبوط اور فعال ادارہ جاتی ڈھانچہ ضروری ہے

اسلام آباد (پ ر) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن کے اجلاس (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

سیوی، میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 20 کے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے پولنگ کا سلسلہ جاری رہا

نوجوان دشمن کے کھلونے اور غلط بیانیے کا شکار نہ ہوں، پہاڑوں پر جانے والے نوجوانوں کو واپس آنا ہوگا، ضیاء لانگو

ہندوستان کے خریدے گئے دہشت گرد افغانستان حکومت کے ناک کے نیچے بیٹھ کو دہشت گردوں کو ٹریننگ دے رہے ہیں

پاکستان، ترکیہ اور سعودیہ کا اتحاد پہلے ہی ناقابل تسخیر تھا اب دنیا کی کوئی بھی بڑی طاقت اس اتحاد کو بری نظر سے نہیں دیکھ سکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اتوار کو کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں ائیرپورٹ روڈ، کچلاک اور مغربائی پاس کا دورہ کیا وزیر داخلہ بلوچستان نے دورے کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

مستونگ، کھڈکوچہ سے اغواء ہونے والے 2 افراد بحفاظت بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے کھڈکوچہ سے اغواء ہونے والے 2 افراد بحفاظت بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقے کھڈکوچہ سے 24 جولائی کو نامعلوم مسلح افراد نے 2 افراد جان محمد اور سجاد علی کو اغواء کر لیا تھا

سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدہ اتحاد کی نئی تاریخ ہے، میر شعیب نوشیروانی

پاکستان کے سعودی عرب اور ترکیہ جیسے برادر اسلامی ممالک کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ تعلقات ہیں

وزیراعظم کی کامیاب سفارت کاری اور افواجِ پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات حکومت بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان مکہ مکرمہ میں طے پانے والے سہ فریقی دفاعی معاہدے کو امت مسلمہ کے اتحاد کی نئی تاریخ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اسلامی ممالک (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف واقعات میں چھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی فائرنگ کے مختلف واقعات و حادثات میں باپ بیٹے سمیت چھ افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانے ڈیرہ مراد جمالی کی حدود بالان شاخ رحیم مینگل ڈپ کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے باپ قادر بخش اور بیٹا خادم حسین شدید زخمی ہوگئے واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے

مقامی اخبارات کو اشتہارات کی تقسیم اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے، بی ایم ایف

مقامی اخبارات سے سینکڑوں صحافیوں، کارکنوں اور علاقائی نامہ نگاروں کا روزگار وابستہ ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم نے مدیرِ اخبارات اور معروف صحافی سید انور شاہ کی جانب سے صوبائی حکومت کی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی اور اشتہارات کی تقسیم کے موجودہ طریقہ کار کے خلاف متعلقہ حکام کو لیگل نوٹس بھجوائے جانے کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے اسے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

حب میں تعلیمی انقلاب کی جانب اہم قدم، محکمہ تعلیم کا میر علی حسن زہری سے اظہار تشکر

اسکول بس کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد رحیم بلوچ نے باضابطہ طور پر وصول کرلی

حب (پ ر) ضلع حب میں شعبہ تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اور اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ محکمہ تعلیم ضلع حب (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

مکہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، محمد حسیب شجاع

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام کے درمیان محبت اور بھائی چارے کے دیرینہ رشتے قائم ہیں

لورالائی (خ ن) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کی خوشی میں ضلعی انتظامیہ لورالائی کے زیر اہتمام بوائز کالج فٹبال گراؤنڈ لورالائی میں ایک خصوصی فٹبال میچ کا انعقاد کیا گیا ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پٹ فیڈر کینال سے ملنے والی نامعلوم شخص کی نعش امانتاً دفن کر دی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی پٹ فیڈر کینال سے نامعلوم شخص کی ملنے والی لاش ورثاء نہ ملنے کے باعث مقامی قبرستان میں دفنا دی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانہ کی حدود بیدار (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

خضدار، تجارتی مراکز رات 8 سے صبح 10 بجے تک بند رکھنے کا فیصلہ

فارمیسیز اور نجی ہسپتال استثنار ہیں گے، تاجر اور عوام انتظامیہ سے تعاون کریں، ضلعی انتظامیہ

خضدار (خ ن) ضلع خضدار میں سیکورٹی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ خضدار نے تمام کمرشل مراکز کی بندش کے نئے اوقات کا نوٹیفکیشن جاری (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

بابا کوٹ میں نامعلوم مسلح افراد دکانداروں سے لاکھوں روپے نقدی اور سامان لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو بابا کوٹ مسلح افراد نے چالیس ڈب پر دھاوا متعدد دکانداروں سے لاکھوں روپے نقدی و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے

سندھ پریس کلب جیکب آباد کی نئی انتظامی باڈی کا اعلان

اسرار علی چانڈیو چیئرمین اور غلام حسین جکھرانی صدر منتخب

جیکب آباد (انیس جکھرانی) سندھ پریس کلب جیکب آباد کی نئی انتظامی باڈی کی تشکیل کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے، جس میں صحافی برادری کی فلاح و بہبود اور تنظیم کو مزید فعال بنانے کے لیے عہدیداران کو اہم ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ نئی انتظامی باڈی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی نے ہمیشہ جمہوری سیاسی جدوجہد پر یقین رکھا ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

نیشنل پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام، ملازمین، مزدوروں، کسانوں، طلبہ، اساتذہ اور دیگر محنت کش طبقات کے حقوق کا تحفظ ہے

اساتذہ کے روزگار کا تحفظ یقینی بنانے اور مسئلے کو مذاکرات سے حل کرنے کے لیے کردار ادا کروں گا، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان (جی ٹی اے بی) کے رہنماؤں کے ایک وفد نے میر ہزار خان مری کی قیادت میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں اساتذہ کو درپیش مسائل، معطل کیے گئے اساتذہ کی بحالی، ملازمین کے حقوق، گرینڈ الائنس کی جدوجہد اور موجودہ صورتحال سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وفد میں جی ٹی اے بلوچستان کے سرکردہ رہنماں شان جان رند، وڈیرہ غفار کھیتران، غلام نبی حسنی، محمد ذاکر رند، نظام لاشاری اور مولا بخش بلوچ سمیت دیگر رہنما (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

میونسپل کمیٹی کی جانب سے مختلف علاقوں میں صفائی کا عمل تیزی سے جاری

مختلف علاقوں میں مسائل کا جائزہ لے کر دستیاب وسائل کے مطابق موقع پر اقدامات کیے جا رہے ہیں

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے مختلف علاقوں میں صفائی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کا عملہ بازاروں گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں صفائی کے ساتھ سیوریج کے جمع پانی کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے کی یاد میں زرغون روڈ پر بینرز آویزاں کیے گئے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور ملکی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، سیدال خان ناصر

تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے فروغ کے ساتھ مسلم دنیا میں باہمی اتحاد، اعتماد اور اجتماعی سلامتی کو مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا

موجودہ عالمی حالات میں سکیورٹی چیلنجز کسی ایک ملک تک محدود نہیں، مشترکہ تعاون اور باہمی مشاورت وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان قدرتی وسائل اور معدنی دولت سے مالا مال ہے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور ملک کے دیگر علاقوں میں موجود معدنی وسائل کو (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب اور ترکیہ پاکستان کے برادر اسلامی ممالک ہیں، ساگر کمار

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار کی ہدایت پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیر مقدم (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

بیکڑ میں پولیس عمارات پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے قومی پرچم لہرا دیے

پاکستان کے عوام سعودی عرب اور ترکیہ کے عوام کے ساتھ گہری محبت اور بھائی چارے کے رشتے میں بندھے ہوئے ہیں

شالی ڈیرہ بگٹی (خ ن) مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیر مقدم کے طور پر کوہِ سلیمان رینج (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883702
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

تینوں ممالک کے تعلقات عوامی جذبات کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں، وریندر لعل

پاکستانی عوام سعودی عرب اور ترکیہ کو ہمیشہ اپنے مخلص قابلِ اعتماد اور قریبی برادر ممالک کے طور پر دیکھتے ہیں

نصیر آباد (خ ن) پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین برادرانہ تعلقات (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں، شیخ امتیاز حسین

14 اگست ہمیں اپنے اسلاف کی لازوال قربانیوں، جدوجہد اور اتحاد کی یاد دلاتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امریکہ پاکستان بزنس ڈویلپمنٹ فورم کے صدر شیخ امتیاز حسین نے پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر پوری قوم، بالخصوص دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست صرف جشن منانے کا دن نہیں بلکہ اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم قائد اعظم محمد علی جناح اور مفکرِ پاکستان (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

مشکوک افراد اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھی جائے، عبدالحفیظ جکھرانی

عوام کے جان و مال کا تحفظ اور ضلع میں پرامن فضا قائم رکھنا ہرنائی پولیس کی اولین ترجیح ہے

ہرنائی (خ ن) ضلع میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور عوام کے جان و مال (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

عوام اور عسکری قیادت دہشت گردی کے خلاف ایک پیج پر ہیں، فیصل خان جمالی

امن و امان کے قیام کے لیے حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کو کسی صورت دہشت گرد عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے گا

امن خراب کرنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے قربانیاں دی ہیں

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف آئینی و قانونی طریقے سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ امن و امان کے قیام کے لیے حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، عوام کو کسی صورت (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

دھنی بخش مگسی کا مرحوم رب نواز بہرانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

جعفر آباد (مقصود احمد مہر) ضلع جعفر آباد پریس کلب کے صدر دھنی بخش مگسی نے مرحوم رب نواز بہرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بھائی ڈاکٹر سکندر علی بہرانی کی رہائش گاہ پر پہنچ کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر دھنی بخش مگسی نے مرحوم کے اہلِ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

گڑھی خیرو شہر میں بے امنی کی وارداتیں حد سے بڑھ گئیں

نامہ نگار جنگ سے پولیس چوکی کے سامنے موٹر سائیکل ڈکیتی کی واردات، شہری سراپا احتجاج

جیکب آباد (انیس جکھرانی) گڑھی خیرو شہر میں بے امنی کی وارداتیں حد سے بڑھ گئیں نامہ نگار جنگ سے پولیس چوکی کے سامنے موٹر سائیکل ڈکیتی کی واردات، شہری سراپا احتجاج، رپورٹ کے مطابق گڑھی خیرو شہر اور گردونواح میں جرائم پیشہ عناصر کی کارروائیوں، ڈکیتی اور ر (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

کھیل جسمانی صحت کے لیے ضروری ہیں، درا بلوچ

جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں کھیلوں سمیت مختلف سرگرمیوں پر مشتمل پروگرامز کا انعقاد کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر جشن آزادی کے سلسلے میں صوبے بھر میں مختلف تقریبات اور کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد بھرپور جوش و (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

نوجوان کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، روزی خان

ژوب (رفیق قیصرانی) یومِ آزادی 14 اگست 2026 کے سلسلے میں منعقدہ اسپورٹس فیسٹیول کا افتتاحی میچ آج نہایت جوش و خروش سے کھیلا گیا۔ اس تقریب کا باقاعدہ افتتاح ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ژوب، روزی خان نے کیا۔ اپنے افتتاحی خطاب میں انہوں نے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

مکہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، صلاح الدین نورزئی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدہ مضبوط اور دیرینہ تعلقات کا مظہر ہے

ڈیرہ مراد جمالی (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر آفس نصیر آباد سمیت ڈیرہ مراد جمالی شہر کے مختلف سرکاری دفاتر اور عوامی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پاکستان فٹبال کا روشن ستارہ ارسلان قومی سلیکشن کمیٹی کی توجہ کا منتظر

صومالیہ کی انڈر 19 ٹیم کیخلاف شاندار کارکردگی دکھانے والے نوجوان فٹبالر قومی ٹیم میں شمولیت کے منتظر ہیں

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) ناصر شہید فٹ بال کلب کے نوجوان فٹبالر ارسلان احمد خان پاکستان فٹ بال کا ایک روشن ستارہ بن کر ابھرے ہیں۔ لیفٹ آؤٹ اور فل بیک کی پوزیشنز پر کھیلنے والے نوجوان فٹبالر پنجاب فٹ بال اکیڈمی کی انڈر 19 ٹیم کی طرف سے صومالیہ کی انڈر 19 فٹ بال ٹیم کے خلاف میچ کھیل کر شاندار کارکردگی دکھا (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

صحبت پور، مہنگائی کا جن بے قابو، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر فعال

اشیائے خورونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری سے نوٹس کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور اور اس کی تمام ذیلی تحصیلوں سمیت گردونواح کے علاقوں میں مہنگائی کا جن بوتل سے باہر نکل آیا ہے، جس کے باعث 99 فیصد عوام کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)